www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعہ 24 شعبان 1447ھ 13 فروری 2026ء صفحات 08 | شمارہ 221

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

عمران کی بینائی کتنی متاثر ہے یہ فیصلہ کوئی وکیل نہیں ماہر ڈاکٹر کریگا، عطا تارڑ، طلال چوہدری

بانی پی ٹی آئی کے خاندان کو ... جھوٹا بیانیہ ختم ہو گیا

عالمی میڈیا میں علیمہ خان اور بانی پی ٹی آئی کے خاندان کے دیگر افراد کی جانب سے جیل میں مبینہ بدسلوکی اور ناقص حالات کے حوالے سے پیش کیا جا رہا بیانیہ بے بنیاد ثابت ہوا ہے

رپورٹ جس میں ان کے روزمرہ معمولات اور خوراک کے منصوبے کی تفصیلات شامل ہیں، نے تمام ابہام دور کر دیئے ہیں، انہیں تمام ضروری سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات

بانی کو وہ سہولتیں دی جا رہی ہیں جو کسی اور قیدی کو نہیں دی جاتیں، آپ رپورٹ سے معلوم ہوجائے گا بانی پی ٹی آئی کتنے دن مرغ اور کتنے دن گوشت کھاتے ہیں

یہ ہمارے سیاسی مخالف ہیں، ذاتی نہیں، ہم نے کبھی نہیں کہا کہ آپ ان کو باہر نکالیں گے، ... بانی کو بروقت ملنا چاہئے تھا، وزیر مملکت برائے داخلہ

کوئٹہ، کوئٹہ کے شہری بسنت کیلئے پتنگوں کی خریداری میں مصروف ہیں

عراق جاتے ہوئے گولیاں لگنے سے 6 پاکستانی جاں بحق

والدین کا حکومت سے نوجوانوں کی لاشیں جلد وطن لانے کا مطالبہ

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کی دائیں آنکھ کی بینائی 85 فیصد تک ختم ہو چکی، سپریم کورٹ میں رپورٹ پیش

بانی کی ایک آنکھ کی بینائی 15 فیصد ہے، 3 سے 4 ماہ قبل تک ان کی دونوں آنکھوں کی بینائی 6x6 (بالکل نارمل) تھی

بانی پی ٹی آئی کی بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی، سلمان اکرم راجہ اور جنید اکبر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

شیرانی کی انتظامی حیثیت ختم کرنے کا تاثر حقائق کے منافی ہے، وزیراعلیٰ

کسی ضلع سے متعلق کوئی قدم عوام اور منتخب نمائندوں کو اعتماد میں لئے بغیر نہیں اٹھایا جائیگا، صوبائی حکومت عوامی امنگوں کے مطابق فیصلے کرتی ہے

بلوچستان کے تمام اضلاع کی متوازن ترقی، استحکام اور موثر طرز حکمرانی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، سرفراز بگٹی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی و دیگر تقریب کے دوران قومی ترانہ کے احترام میں کھڑے ہیں

خالدہ ضیاء کی جماعت بی این پی کی 50 نشستوں پر برتری حاصل، حسینہ واجد کی پارٹی عوامی لیگ پابندی کے باعث الیکشن میں حصہ نہیں لے سکی، انتخابات مجموعی طور پر پرامن رہے

بنگلہ دیش انتخابات: نیشنلسٹ پارٹی نے میدان مار لیا، جماعت اسلامی دوسرے نمبر پر

عوامی حکومت کی تشکیل ... آئینی ترامیم کا اختیار بھی دیدیا

ملک کے 64 اضلاع میں قائم 42 ہزار 761 پولنگ اسٹیشنز پر 300 میں سے 299 پارلیمانی حلقوں کے لیے ووٹنگ ہوئی، خواتین کی نمائندگی کے لیے 50 مخصوص نشستیں مختص

بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی کے طارق رحمان دونوں نشستوں پر کامیاب رہے، اللہ نے کامیابی عطا کی تو جشن نہیں ہوگا، سجدہ شکر ادا کریں گے، امیر جماعت اسلامی بنگلہ دیش

ملک کے مختلف حصوں میں ہمارے حامیوں پر الگ الگ واقعات میں حملے کیے گئے، انہیں دستاویزات تیار کرتے ہوئے کام کرنے کی اجازت نہیں دی گئی، جماعت اسلامی کا الزام

بنگلہ دیش میں 300 براہ راست منتخب نشستوں میں سے 151 سیٹوں پر کامیابی حاصل کرنے والی جماعت حکومت بنائے گی، ایک نشست پر الیکشن ملتوی ہوئے، الیکشن کمیشن

ڈھاکہ (م ڈ) بنگلہ دیش میں جاری الیکشن میں بی این پی کو برتری حاصل، بنگلہ دیش میں 299 نشستوں پر ہونے والے انتخابات کے غیر سرکاری اور غیر حتمی نتائج کا سلسلہ جاری ہے جس میں اصل مقابلہ بی این پی اور جماعت اسلامی کے درمیان ہے۔ بنگلہ دیش .... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

آئین سب کچھ بھلا کر آگے بڑھیں، کارکن نکلے تو آپ بھاگ نہیں سکیں گے، اچکزئی

پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کا لیڈر اس وقت تکلیف میں ہے، ہمارے پاس آپشنز ہیں جس پر غور کیا جا رہا ہے

اگر عمران خان اندھا ہوگا تو بہت سے لوگ اندھے ہوں گے، توقع کرتے ہیں عمران خان کو فی الفور جیل سے رہا کیا جائے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنماؤں نے بانی چیئرمین عمران خان کی صحت کے حوالے سے گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت کو خبردار کیا ہے کہ اگر وہ بغیر اجازت نکل آئے تو آپ کو بھاگنے نہیں دیں گے لہٰذا آپ .... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی سے کسی رہنما کو ملاقات کی اجازت نہ مل سکی

ہم نے کنٹینر تیار کیا ہے کنٹینر پر آزادی یا موت کا نعرہ لکھا گیا ہے، عبدالسلام آفریدی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی سے پارٹی رہنماؤں کی ملاقات کے دن آنے والے کسی رہنما کو ملاقات کی اجازت نہ مل سکی۔ ایم پی اے عبدالسلام آفریدی .... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ کا عمران خان کو ماہر ڈاکٹر تک رسائی، بیٹوں سے رابطے کی سہولت دینے کا حکم

بانی پی ٹی آئی کی صحت معاملے پر فیصلہ محفوظ کر رہے ہیں، مناسب فیصلہ دیں گے، صحت کا مسئلہ سب سے اہم ہے

صحت کے معاملے پر مداخلت کی ضرورت ہے، ہم حکومت کا موقف بھی جاننا چاہتے ہیں، چیف جسٹس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے 16 فروری سے پہلے بانی پی ٹی آئی عمران خان کو آنکھوں کے ماہر ڈاکٹرز تک رسائی اور بچوں سے رابطے کیلئے ٹیلی .... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ایوان بالا نے پاکستان کی شہریت کا (ترمیمی) بل کثرت رائے سے منظور کر لیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایوان بالا نے پاکستان کی شہریت کا (ترمیمی) بل کثرت رائے سے منظور کر لیا، بل وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے پیش .... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

افواج پاکستان کے خلاف اٹھنے والی ہر انگلی توڑ دینا ہوگی، وزیر ریلوے

بطور سیاستدان محمود اچکزئی کی عزت کرتے ہیں، فوج کا مذاق قابل قبول نہیں

10 مئی کی جنگ جیتنے کے بعد ملک کو سب سے زیادہ عزت ملی، حنیف عباسی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ افواج پاکستان کے خلاف اٹھنے والی ہر انگلی توڑ دینا ہوگی، ہماری فوج پورے پاکستان کی محافظ ہے۔ راولپنڈی کی مقامی انجمن تاجران کی تقریب حلف برداری سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ محمود خان اچکزئی نے فوج کے بارے میں غیر ذمہ دارانہ گفتگو کی .... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

ٹی 20 ورلڈ کپ، پاک انڈیا میچ، گراؤنڈ کی تمام ٹکٹیں فروخت

اسٹیڈیم میں صرف 28 ہزار افراد کی گنجائش، 8 8 ہزار درخواستیں وصول

ایئر لائنز نے ٹکٹس کی قیمتیں بھی بڑھا دی ہیں، شائقین کی گہری دلچسپی

کولمبو (م ڈ) پاکستان اور انڈیا کی کرکٹ ٹیمیں ٹی 20 ورلڈ کپ میں 15 فروری کو کولمبو کے آر پریماداسا اسٹیڈیم میں مدمقابل ہوں گی اور اس میچ میں ہمیشہ کی .... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

بیرسٹر سلمان صفدر نے بخوبی ذمہ داری نبھائی، چیف جسٹس

فرینڈ آف کورٹ اور جیل سپرنٹنڈنٹ کی رپورٹس ایک جیسی ہیں، ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے فرینڈ آف کورٹ کی ذمہ داری نبھانے پر سلمان صفدر کی تعریف کی۔ چیف جسٹس پاکستان نے .... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں پٹرولیم کے 40 نئے ذخائر دریافت ہوئے، وزیر پٹرولیم

نئے ذخائر سے دسمبر تک یومیہ 61 ملین کیوبک فٹ قدرتی گیس حاصل کی جا سکے گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کے دوران تیل اور گیس کے 40 ذخائر دریافت ہوئے۔ وفاقی .... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعظم اور صدر مملکت کی ملاقات، غزہ امن بورڈ اور پاکستان کے نقطہ نظر پر مشاورت

ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور سلامتی کی صورت حال پر بات چیت، آزاد کشمیر کے نئے صدر کے انتخاب پر بھی تبادلہ خیال ہوا

دونوں رہنماؤں کا پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے درمیان ورکنگ ریلیشن شپ بہتر بنانے اور مشاورتی عمل جاری رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم شہباز شریف اور صدر آصف زرداری نے غزہ امن بورڈ میں پاکستان کے نکتہ نظر سمیت اہم قومی اور داخلی سلامتی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ نیوز کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کی اور یہ ملاقات ایوان صدر میں ہوئی۔ ذرائع نے بتایا کہ ملاقات میں دونوں جماعتوں کے .... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

جنرل قمر جاوید باجوہ سی ایم ایچ میں زیر علاج ہیں، آئی ایس پی آر

سابق آرمی چیف کو اپنی رہائش گاہ پر گرنے کی وجہ سے چوٹ آئی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سی ایم ایچ میں زیر علاج ہیں۔ پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے سابق آرمی .... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

بجلی کے ترسیلی نقصانات 600 ارب روپے سے تجاوز کر گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) دو سال میں بجلی کے ترسیلی نقصانات 600 ارب روپے سے تجاوز کئے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ قومی اسمبلی کے وقفہ سوالات میں وفاقی وزیر پاور ڈویژن اویس لغاری نے تحریری جوابات جمع .... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، انقلاب ایران کی 47 ویں سالگرہ کے موقع پر ایران کے قونصل جنرل محمد کریم تو کلی و دیگر کیک کاٹ رہے ہیں

ایڈیشنل اٹارنیز جنرل کے لیے خصوصی الاؤنس کی منظوری دیدی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی سفارش پر ایڈیشنل، ڈپٹی اور اسسٹنٹ اٹارنیز جنرل کی سروس کی شرائط و ضوابط میں ترمیم کی منظوری دیدی۔ جمعرات .... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ترکیہ، پاکستان گلوبل فوڈ ویلیو چین میں کردار ادا کر سکتے ہیں، وزیراعظم

پاکستان ترکیہ کے ساتھ اپنے مثالی برادرانہ تعلقات کے فروغ کا بھی خواہاں ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ترکیہ اور پاکستان مل کر گلوبل فوڈ ویلیو چین میں کردار ادا کر سکتے ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف .... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

اپوزیشن اتحاد کا عمران خان کے علاج و ملاقات تک دھرنے کا اعلان

پارلیمنٹ ہاؤس کے مرکزی دروازے پر پی ٹی آئی کی قیادت دھرنا دیگی، تمام قومی و صوبائی ارکان کو ہدایت جاری

احتجاج آج نماز جمعہ کے بعد شروع ہوگا، سینیٹرز کو بھی شرکت کی ہدایت، دھرنا ملاقات اور مکمل علاج تک جاری رہیگا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اپوزیشن اتحاد نے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات اور علاج تک پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر دھرنا دینے کا فیصلہ کر لیا۔ اپوزیشن اتحاد کے ذرائع سے ملنے والی اطلاع کے مطابق اپوزیشن نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر دھرنے کا فیصلہ کیا ہے اور یہ اس وقت تک جاری رہے گا کہ بانی سے ملاقات اور مکمل علاج تک دھرنا جاری رہے گا۔ ذرائع کے مطابق پارلیمنٹ ہاؤس کے مرکزی دروازے پر پاکستان تحریک انصاف کی مرکزی قیادت .... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی سے اصغر اچکزئی، انعام اللہ زہری و دیگر گرینڈ الائنس کے مطالبات کے حوالے سے ملاقات کر رہے ہیں

آج دل جل گیا، ہم عمران خان کیلئے کچھ نہیں کر سکے، علیمہ خان

10 کیمرے لگے ہیں، کسی کو پتا نہیں چلا کہ ان کی نظر ختم ہوگئی، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کا کہنا ہے کہ آج دل جل گیا ہے، ہم نے عمران .... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں ہنسی خوشی زندگی گزارنا چاہتی ہوں، سربجیت کور

یہاں آنے کے فیصلے پر خوش ہوں، انڈیا سے آ کر شادی کرنیوالی خاتون کی گفتگو

شیخوپورہ (م ڈ) انڈیا سے پاکستان آ کر شادی کرنے والی خاتون سربجیت کور (نور فاطمہ) نے کہا ہے کہ وہ اپنی باقی ماندہ زندگی .... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کا ای او 2 سیٹلائیٹ کامیابی سے خلا میں لانچ

سیٹلائٹ زمین کے مشاہدے اور امیجنگ کی صلاحیت بڑھائے گا، سپارکو ترجمان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپارکو کی جانب سے مقامی سطح پر تیار کردہ الیکٹرو آپٹیکل 2 (ای او 2) سیٹلائیٹ کامیابی سے خلا میں لانچ کر دیا گیا ہے۔ اس .... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

افغان سرزمین کا پاکستان کیخلاف استعمال نہیں چاہتے، دفتر خارجہ

اقوام متحدہ کی کمیٹی رپورٹ میں افغانستان میں ٹی ٹی پی کی آزادانہ نقل و حرکت اور پاکستان کے خلاف کارروائیوں کی تصدیق کی گئی

ازبکستان نے دوطرفہ تجارتی حجم کو 2 اور قازقستان نے 1 ارب ڈالر تک لے جانے پر اتفاق کیا، ترجمان طاہر اندرابی کی بریفنگ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے بریفنگ میں بتایا کہ ازبکستان کے صدر نے پاکستان کا دورہ کیا۔ ازبکستان کے صدر کو وزیراعظم شہباز شریف نے دورہ پاکستان کی دعوت دی تھی۔ پاکستان اور ازبکستان نے دوطرفہ تجارت کو 2 ارب ڈالر تک لے جانے پر اتفاق کیا جبکہ ترجمان .... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پاک روس دفاعی و سفارتی تعلقات میں نیا موڑ

دونوں ممالک کا باہمی تعاون بڑھانے اور اعلیٰ سطح کے وفود کے تبادلوں پر اتفاق

ماسکو (م ڈ) روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے روسی وفاق کے نائب وزیر دفاع واسیلی اوسماکوف سے ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان دفاعی اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں شخصیات نے باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں، بالخصوص دفاعی اور تزویراتی میدان میں تعاون کو وسعت دینے .... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

اینٹی نارکوٹکس فورس کی مختلف کارروائیاں، منشیات برآمد

خاتون سمیت 4 افراد گرفتار، منشیات سمگلنگ کی کوشش ناکام، ترجمان

برآمد شدہ منشیات میں چرس، آئس شامل، مالیت 70 لاکھ سے بھی زائد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اے این ایف کے عملے نے ملک بھر کی طرح کوئٹہ میں بھی 4 کارروائیوں کے دوران منشیات سمگلنگ ناکام بناتے ہوئے خاتون سمیت 4 ملزمان .... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کی بینائی جانے کی ذمہ دار حکومت ہے، علامہ ناصر عباس

بانی پی ٹی آئی کا پمز میں غیر متعلقہ ڈاکٹر سے علاج کروایا گیا، ان کی ایک آنکھ کی 85 فیصد بینائی چلی گئی، اسکی تحقیقات ہونی چاہئیں

معاملات وہاں نہ لے جائیں کہ باتیں پھر سڑکوں پر ہوں، دنیا بھر کے سفیروں کو اس ظلم پر تحریر بھیجیں گے، سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی ایک آنکھ کی 85 فیصد بینائی چلی گئی اس کی ذمہ دار حکومت ہے، یہاں تک معاملات نہ لے کر جائیں کہ باتیں پھر سڑکوں پر ہوں، ہم سینوں پر گولیاں کھائیں گے .... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

این ایچ اے کے زیادہ منصوبے بلوچستان میں ہیں، گل اصغر

رواں سال کے بجٹ میں چمن کراچی موٹر وے کیلئے 100 ارب مختص ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری مواصلات گل اصغر خان نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ این ایچ اے کے بجٹ سے رواں سال سب سے زیادہ ترقیاتی .... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قبائلی عمائدین و شہریوں سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب میں کم عمری کی شادی کے خلاف نیا آرڈیننس نافذ

آرڈیننس 2026 کے تحت 18 سال سے کم عمر بچوں کی شادی ممنوع

والدین اور نکاح خواں بھی قانون کی زد میں، خلاف ورزی پر قید اور جرمانہ ہوگا

لاہور (بیورو رپورٹ) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے پنجاب میں کم عمری کی شادی کے خاتمے کے لیے پنجاب چائلڈ میرج آرڈیننس 2026 کی منظوری دے .... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

صحت اور علاج ہر انسان کا بنیادی حق، معاملے پر سیاست نہیں ہونی چاہیے، رانا ثنا اللہ

سلمان صفدر نے جیل میں تین گھنٹے سے زائد وقت گزارا کر ناشتے، لنچ، میڈیکل سہولتوں اور مشاورت سمیت تمام انتظامات کا جائزہ لیا

پمز وفاق کا سب سے بڑا طبی ادارہ، اگر ضرورت پڑی تو کسی اور بہتر ڈاکٹر سے بھی معائنہ کرایا جا سکتا ہے، مشیر وزیراعظم کا سینیٹ میں خطاب

اسلام آباد (شاکر رحمان) مسلم لیگ (ن) کے سینیئر رہنما اور مشیر وزیراعظم رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ صحت اور علاج ہر انسان کا بنیادی حق ہے اور اس معاملے پر سیاست .... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور سفاری پارک میں 9 شیر اور 2 زرافے ہلاک، تحقیقات شروع

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کے سفاری پارک میں چند دنوں کے اندر 9 شیر اور بیرون ملک لائے گئے 2 زرافے ہلاک ہو گئے۔ ایڈیشنل چیف وائلڈ لائف مدثر حسن .... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی فکسڈ انکم مارکیٹ میں غیر ملکی سرمایہ کاری بڑھ گئی، مشیر خزانہ

جنوری 2026 فیصلہ کن مہینہ ثابت ہوا، جس میں 175 ملین ڈالر کی خالص آمدنی ریکارڈ کی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ سٹیٹ بینک کے سپیشل کنورٹیبل روپیہ اکاؤنٹ سے متعلق اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ شرح سود میں نمایاں کمی کے باوجود غیر ملکی سرمایہ کاروں نے پاکستان کی فکسڈ انکم مارکیٹ میں اپنی سرمایہ .... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

خان کو کوئی نقصان پہنچا تو ذمہ دار حکومت ہوگی، علی محمد خان

بانی پی ٹی آئی کے خلاف جبری اقدامات قبول نہیں کیے جائیں گے، اقبال آفریدی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے اراکین قومی اسمبلی نے بانی پی ٹی آئی کی صحت کے حوالے سے رپورٹ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سپریم .... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

نیٹ میٹرنگ سے اشرافیہ فائدہ اٹھا رہی ہے، وزیر توانائی

سولر صارفین کی نیٹ بلنگ پر منتقلی کے فیصلے پر عمل درآمد روک دیا گیا ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ نیٹ میٹرنگ سے نیٹ بلنگ پر صارفین کی منتقلی کے فیصلے پر عمل درآمد روک دیا ہے، صنعتی صارفین کے لئے بجلی سستی کی گئی ہے، ہم نے 780 ارب کا گردشی قرضہ کم کیا ہے، نیٹ میٹرنگ سے .... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: 3 روزہ بسنت میلہ آج سے شروع، عوام کا جوش و جذبہ دیدنی

بازاروں میں شہریوں کا رش، رنگ برنگی پتنگوں، مضبوط ڈور، پیلے لباس اور بسنت کی دیگر اشیا کی خریداری عروج پر پہنچ گئی

ہوائی فائرنگ، دھاتی ڈور، کیمیکل ملا مانجھا اور خطرناک ڈور کے استعمال پر کارروائی ہوگی، ایس ایس پی آپریشنز آصف خان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں آج سے 3 روزہ بسنت میلہ منایا جائے گا جس پر شہریوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اور کوئٹہ شہر میں بسنت کے حوالے سے تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ لاہور کے بعد کوئٹہ میں بھی آج سے 15 فروری تک 3 روزہ .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے طبی دہشتگردی کی ہے، سہیل آفریدی

اسلام آباد ہائی کورٹ کو چاہیے کہ کیس سماعت کیلئے مقرر کرے، وزیر اعلیٰ کے پی

اگر عدالتیں انصاف نہیں کر سکتیں تو تالے لگنے چاہئیں، سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل عبدالغفور انجم نے بانی کی صحت کے ساتھ طبی دہشت گردی کی ہے۔ سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اڈیالہ جیل میں عبدالغفور انجم .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ خانم کی عدم حاضری، ایک مرتبہ پھر ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی راولپنڈی کی خصوصی عدالت نے تحریک انصاف کے 26 نومبر کے احتجاج پر تھانہ صادق آباد کے مقدمہ میں سابق چیئرمین کی ہمشیرہ علیمہ خانم کی عدم حاضری پر .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی، نیٹ میٹرنگ کی بلنگ میں تبدیلی پر حکومت کو تنقید کا سامنا

ہم نے سولر انرجی لگائی اور اب دھوکہ دیا جا رہا ہے، یہ ڈے لائٹ رابری ہے، پی پی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی میں نیٹ میٹرنگ کو نیٹ بلنگ میں تبدیل کرنے کے معاملے پر حکومت کو شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ رکن قومی اسمبلی شرمیلا فاروقی .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

کالعدم تنظیموں کو بھتہ لینے کی ہرگز اجازت نہیں دینگے، سردار کھیتران

محکمے اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں، عوامی مسائل کے حل میں غفلت اور تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی

ہم پاکستانی ہیں، پاکستان کیساتھ ہیں، آزادی کے نام پر پرچیاں تقسیم کرنیوالے ترقی کو روکنا چاہتے ہیں، خطاب

بارکھان (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران نے ضلع بارکھان کے علاقہ بغاؤ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں عوام کو درپیش مسائل براہ راست سنے۔ کھلی کچہری میں کرنل بارکھان محمد یونس، ضلع بارکھان کے تمام متعلقہ محکموں کے افسران، قبائلی .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم پیو اسکیم، مستحقین کو سبسڈی کی رقم منتقل ہونا شروع

مجموعی طور پر 1 لاکھ 16 ہزار الیکٹرک بائیکس آسان اقساط پر دی جائیں گی

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعظم کی پیو اسکیم کے تحت الیکٹرک بائیکس حاصل کرنے والے مستحقین کو سبسڈی کی رقم منتقل کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ سی ای او انجینئرنگ ڈیولپمنٹ بورڈ حماد علی منصور نے بتایا کہ اس اسکیم کے تحت مجموعی طور پر 1 لاکھ 16 ہزار .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، زمرک اچکزئی، بلال کاکڑ، مولانا عبدالواحد صدیقی و دیگر کاریزات کمیٹی سے مذاکرات کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

وفاقی اور صوبائی سطح پر خواتین فرنڈلی قانون سازی قابل ستائش ہے، گل حسن درانی

1983ء میں اسی دن لاہور میں خواتین نے حدود آرڈیننس کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی تھی

12 فروری کا دن خواتین کی قربانیوں کے اعتراف پر خراج تحسین کے طور پر منایا گیا، خصوصی دن کے موقع پر خطاب

کوئٹہ (این این آئی) سماجی تنظیم فورٹریز ویمن آرگنائزیشن کے سربراہ گل حسن درانی نے کہا ہے کہ موجودہ وفاقی وصوبائی حکومتوں کی خواتین کے حوالے سے قانون سازی قابل ستائش ہے تاہم دونوں پر خواتین کی سیاسی سماجی و دیگر شعبوں میں نمائندگی بہت کم ہے، قومی و صوبائی سطح پر پاکستانی خواتین کو خصوصی دن صرف سیمینارز، سماجی سیاسی معاشی و معاشرتی برابری کے لیے خواتین کی قربانیوں کے اعتراف پر خراج تحسین کے دن کے طور پر منایا جانا بہت بڑی ناانصافی کے اس خصوصی دن کے حوالے سے مختلف سرگرمیوں کے تحت شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز فورٹریز ویمن آرگنائزیشن کے زیر اہتمام 1983ء میں اسی دن لاہور میں خواتین کے سابق ہی کے حدود آرڈیننس کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی تھی جس کے نتیجے میں خواتین پر ریپ کے مقدمات کا سامنا کرنا پڑا تھا انہوں نے بتایا کہ آج کا خصوصی دن صرف



کوئٹہ میں سرکلر روڈ پر ٹریفک پولیس کے افسروں کی گھر والی جیپ میں پلیٹ بلاکر رکشوں اور گاڑیوں کے کاغذات چیک کررہے ہیں

ورکنگ وومن نے معاشی وسماجی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے، صبا کاکڑ

محورت زندگی کے تمام شعبوں میں بھرپور کردار ادا کررہی ہے، ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر

پیشہ ورانہ میدان میں خدمات انجام دینے والی بلوچستان کی صوبائی ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر سیکرٹری، صباء دشتی نے کہا ہے کہ ملکی ترقی میں خواتین کا کردار ناقابل فراموش ہے اور باوقار خواتین کی عزت و احترام کرنے سے ہی معاشرہ ترقی کرسکتا ہے، صبا کاکڑ نے ان خیالات کا اظہار ایک پاکستان میڈیا ٹریننگ ہیلپ خواتین کے حقوق اور ان کی عملی شمولیت کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

برقی لائنوں کی شٹفلنگ کیلئے 13 تا 15 فروری روزنہ بجلی بند کی جائے گی

متعلقہ علاقوں کے صارفین سے میپٹکو معذرت کی جاتی ہے، کمپنیکم

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں گرڈ اسٹیشن کے شاہوانی، سریاب اور شوٹنی، ایف 11 اور 14 سے 3 پر 33 کے وی تک بجلی بند ہوگی۔ علاوہ ازیں 14 فروری کو (روزانہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11 کے وی سریاب روڈ، ریلوے کالونی، ریلوے ہاسپٹل، انڈسٹریل ایریا، دی ہن کی اور سرکی روڈ فیڈر سے 10 تا 10:30 بجے پرچے بجلی بند ہوگی نیز 11 کے وی انجن روڈ گرڈ اسٹیشن کے 11 کے وی شیخ ماجد روڈ، بلوچ نگر، ٹرانسپورٹ نگر، ہوٹل روڈ، ریلوے کالونی، ریلوے ہاسپٹل، ریلوے کالونی، ریلوے ہاسپٹل، ریلوے کالونی، ریلوے ہاسپٹل

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی پر کارروائی کی جائیگی، ڈی سی کوئٹہ

پرائس کنٹرول کمیٹی سمیت ضلعی افسران رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف و سہولت فراہم کرنے کے لیے اقدامات کریں

انتظامیہ شہریوں کو معیاری اور سستی اشیائے ضروریہ کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائیگی، مہر اللہ بادینی کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت رمضان المبارک کے حوالے سے پرائس کنٹرول اور رمضان ستا بازاروں کے انعقاد سے متعلق ایک اجلاس ہوا۔ جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر (سٹی)، اسسٹنٹ کمشنر (صدر)، اسسٹنٹ کمشنر (کچلاک)، اسسٹنٹ کمشنر (سریاب) سمیت تمام متعلقہ مجسٹریٹس نے شرکت کی۔ اجلاس میں رمضان المبارک کے دوران اشیائے خورونوش کی قیمتوں کو کنٹرول میں رکھنے، گراں فروشی کے تدارک، اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے کوئٹہ کے تمام سب ڈویژنز میں رمضان ستا بازار اسٹالز کے انعقاد پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ہدایت کی کہ چینی سمیت دیگر ضروری اشیاء خورونوش کی قیمتوں پر کڑی نظر رکھی جائے اور سرکاری نرخنامے پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ رمضان المبارک میں عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کرنے کے لیے موثر اقدامات کئے جائیں اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ رمضان المبارک کے دوران شہریوں کو معیاری اور سستی اشیائے ضروریہ کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائے گی۔

ڈی سی جامعہ گوادر و دیگر مرکزی لائبریری میں گوشہ اقبالیات کا افتتاح کر رہے ہیں

ڈاکٹر رافع اقبال کی دو نئی کتب شائع ہو گئیں



واہ کینٹ (خصوصی رپورٹ) ڈاکٹر رافع اقبال، کارڈیالوجسٹ POF ہسپتال واہ، کی دو نئی انگریزی کتب شائع ہو گئی ہیں جنہیں عوام میں بے حد پذیرائی حاصل ہو رہی ہے۔ ڈاکٹر رافع اقبال کا شمار ماہر امراض قلب کے قابل اور معروف ڈاکٹروں میں ہوتا ہے۔ وہ کافی عرصے تک آر آئی سی سے بھی وابستہ رہے ہیں۔

گوادر میں عالمی یوم انسداد تشدد اور انتہا پسندی منایا گیا

ڈی سی نے قیادت کی، آفیسران، اساتذہ کرام، طلباء اور عوام نے شرکت کی

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی قیادت میں 12 فروری عالمی یوم انسداد تشدد و انتہا پسندی نہایت جوش و جذبے اور بھرپور انداز میں منایا گیا۔ اس موقع پر منعقدہ تقریب میں مقامی عمائدین، سیاسی جماعتوں کے نمائندگان، سول سوسائٹی، صحافی حضرات، انجمن تاجران، سرکاری افسران، اساتذہ کرام، اسٹوڈنٹس اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ یہ دن دنیا بھر کی طرح تشدد و انتہا پسندی کی روک تھام اور اس کے تدارک کے لیے اقدامات کے فروغ، شعور و آگاہی کی بیداری اور پر امن معاشرے کے قیام کے عزم کے ساتھ منایا گیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تشدد، انتہا پسندی اور دہشت گردی کی لعنت کسی بھی معاشرے کے لیے کینسر جیسی مہلک بیماری سے بڑھ کر خطرناک ہے، جس کا خاتمہ اجتماعی شعور، اتحاد اور مثبت اقدامات سے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ پائیدار امن کے قیام کے لیے روزگار کے مواقع، معیاری تعلیم، بہتر صحت کی سہولیات اور متوازن ترقی ناگزیر عناصر ہیں۔

بلوچستان میں دنیا کے سب سے بڑے سولر سالٹ منصوبے کی تیاری

منصوبے کا آغاز سالانہ 4 ملین ٹن ایم ٹی پی اے پیداواری صلاحیت سے کیا اور 18 ملین ٹن تک لے جایا جائیگا

ابتدائی طور پر 4 ملین ٹن بلک ایکسپورٹ متوقع، گوادر پورٹ کی فعالیت اور کارگو تھروپٹ میں نمایاں اضافہ ہوگا

ژوب: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے قبائلی عمائدین ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ: اسلامی جمعیت طلبا کے متعدد عہدیداران کا تقرر

کوئٹہ (آن لائن) اسلامی جمعیت طلبا کے مرکزی اجتماع ارکان میں مرکزی مشاورت سے فارمیسی کے طالب علم احسان اللہ ناصر کو سیشن 2026-27 کیلئے ناظم اسلامی جمعیت طلبہ بلوچستان، ایل ایل بی کے طالب علم ایاز خان کاکڑ کو جنرل سیکرٹری اسلامی جمعیت طلبہ بلوچستان مقرر کیا ہے۔ اسلامی جمعیت طلبا ضلع کوئٹہ کے اراکین نے بیولوز سوشیالوجی کے طالب علم عطاء الرحمٰن کو ناظم اسلامی جمعیت طلبہ کوئٹہ، برہان صادق کو صدر بزم ساتھی بلوچستان منتخب کیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے اسلامی جمعیت طلبا کے ذمہ داران کیلئے استقامت کی دعا اور ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں طلبا کی مدد، تربیت و تعاون سے...

وفاقی دارالحکومت کی سیکیورٹی کو فول پروف بنایا جائے، آئی جی اسلام آباد

کسی بھی ممکنہ دہشت گردی کی روک تھام کیلئے انٹیلی جنس شیئرنگ کو بہتر بنایا جائے

تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں، اسلام آباد پولیس آفیسران کو ہدایات

نیٹ بلنگ سسٹم صارفین پر اربوں روپے کا اضافی بوجھ ڈال دے گا، سید امان شاہ

صنعتوں کی سولر سرمایہ کاری خطرے میں ہے، برآمدی شعبہ شدید متاثر ہوگا، صوبائی کونسلر اے این پی

خیبر پختونخوا، سرکاری جامعات میں مرد اساتذہ کی طالبات سے اپنے دفتر میں ملاقات پر پابندی عائد

پاکستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے، ڈی سی زیارت

یہاں رہنے والے تمام مذاہب کے لوگ ایک گلدستہ کی مانند ہیں

ملک کی ترقی سلامتی کے لیے ہراول دستے کا کردار ادا کریں گے

عارف والا میں معمولی جھگڑے پر نوجوان قتل، مقدمہ درج

بختیار آباد ٹریفک حادثے میں موٹر سائیکل سوار باپ بیٹا زخمی

میونسپل کمیٹی گوادر شہری سہولیات کی فراہمی یقینی بنا رہی ہے، چیئرمین

پانچھوں کاروباری برادری کے مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں

ونڈر، چوری شدہ موبائل فونز کی فروخت سے شہری پریشان

غیر رجسٹرڈ موبائل فونز کی فروخت پر فوری کارروائی کی جائے، شہریوں کا مطالبہ

سیکرٹری جنگلات عمران گچکی سول سیکرٹریٹ میں شجر کاری مہم کے سلسلے میں پودا لگا رہے ہیں

گوشہ اقبالیات کے قیام سے تحقیقی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، وی سی جامعہ گوادر

طلباء و طالبات کو علامہ اقبال کے فکر و فلسفہ سے روشناس کرانے کا بہترین موقع ملے گا، پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر

جامعہ گوادر کا یہ اقدام علمی میدان میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا، ڈاکٹر عبدالرؤف و دیگر کا افتتاحی تقریب سے خطاب

عمران خان کو جیل میں قتل کرنے کی سازش عیاں ہوگئی، سید صادق آغا

فوری طبی معائنہ اور شفاف تحقیقات نہ ہوئیں تو بھرپور احتجاج کریں گے، پی ٹی آئی بلوچستان

بی آئی ایس پی تعلیم، صحت و فلاحی امور میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، چیئرپرسن

پائلٹ منصوبہ سوپران کے تحت 1 لاکھ سے زائد نوعمر لڑکیوں کو ہفتہ وار آئرن اور فولک ایسڈ کی گولیاں فراہم کی گئیں

شہید بینظیر بھٹو کی بصیرت سے پروگرام خواتین کی سماجی ترقی کیلئے مؤثر ذریعہ ثابت ہوا، سینیٹر روبینہ خالد کا خطاب

کوئٹہ کراچی شاہراہ کی فوری دو رویہ تعمیر ناگزیر ہے، ٹرانسپورٹرز

مصروف ترین قومی شاہراہ پر حادثات معمول بن چکے ہیں، حکومت فوری عملی اقدامات کرے، صدر حبیب اللہ بادیزئی

طویل عرصہ سے اہم شاہراہ کو ڈبل کرنے کا مطالبہ کر رہے ہیں، حادثات کا ذمہ دار ڈرائیورز کو ٹھہرایا جاتا ہے، اکبر لہڑی

بحرانوں کا واحد حل قومی حکومت کے قیام میں مضمر ہے، پروفیسر حلیم صادق

قومی مفاہمت اور مشترکہ حکمت عملی کے بغیر استحکام ممکن نہیں، صوبائی جنرل سیکرٹری اے این پی

خواتین کیلئے منصفانہ ماحول کی تشکیل مشترکہ ذمہ داری ہے، ربابہ بلیدی

وومن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ خواتین پر تشدد کے خاتمے اور حقوق کیلئے کام کرنے والی تنظیموں کیساتھ تعاون جاری رکھے گا

محدود وسائل کے باوجود محکمہ اپنی ذمہ داریاں بھرپور طریقے سے انجام دے رہا ہے، تقریب سے یاسمین مغل و دیگر کا خطاب

حکومت بیت المال کے تعلیمی وظائف میں نمایاں اضافہ کر رہی ہے، سید عمران احمد شاہ

ڈیرہ مراد جمالی اور اوستہ محمد میں ڈکیتی اور چوری کی تین مختلف وارداتیں

سوئی: 12 سالہ لڑکا اغوا

وفاقی وزیر احسن اقبال جامعہ کراچی میں انٹرنیشنل کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

جماعت اسلامی کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ماہ رمضان میں بجلی اور گیس کی لوڈشیڈنگ ختم کی جائے، ذوالفقار طارق

مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے لیے خصوصی پرائس کنٹرول کمیٹیاں تشکیل دی جائیں، رہنما اہلسنت

ونڈر میں واٹنگ لیب آف انوویشن کی جانب سے مصنوعی ذہانت پر ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد

رابطہ اب محض ایک انتخاب نہیں ضرورت ہے، علیم خان

وفاقی وزیر مواصلات کا دوسری او آئی سی ٹرانسپورٹ وزراء کانفرنس میں تعاون بڑھانے پر زور

اوستہ محمد: چوروں نے شہری سے موٹر سائیکل چھین لی

پاکستان ایک امن پسند ملک ہے، میر ہوتمان بلوچ

ہر قسم کی دہشت گردی، تشدد اور انتہا پسندی کی مذمت کرتے ہیں، خطاب

بھارت کو 4 دن میں منہ توڑ جواب دے سکتے ہیں، فیصل کریم کنڈی

ہمارے ملک نے سیکیورٹی کے حوالے سے بہت کام کیا ہے، گورنر خیبر پختونخوا

بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے عوام صوبائی حکومت کا ساتھ دیں، زرک خان مندوخیل

عوام کی امنگوں کے مطابق ترقیاتی کاموں کے ساتھ ساتھ بنیادی مسائل پر بھی توجہ دے رہے ہیں، رکن بلوچستان اسمبلی

مسلم لیگ کی ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے کہ ملک کے چاروں صوبوں میں یکساں ترقیاتی کام کرائے جائیں، بیان

راولپنڈی: موٹر سائیکل اور گاڑی چوری کی وارداتوں میں نمایاں کمی

متحرک گشت، فوری رسپانس اور بلا امتیاز قانونی کارروائی کے ثمرات آنا شروع

جوڈیشل کمیشن 14 فروری کو گل پلازہ کا دورہ کرے گا، ذرائع

کوئٹہ: ڈی سی مہر اللہ بادینی پرائس کنٹرول کمیٹی اور رمضان ستا بازار سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو:۔ پرنٹر وپبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے
چھپوا کر A-4ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعہ 13 فروری 2026ء

دیرینہ مسائل کے حل کے لئے وزیراعلیٰ بلوچستان کا دوٹوک عزم

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں امن وامان پر بحث کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے دیرینہ عوامی مسائل کے حل، صوبے کی تعمیر وترقی وخوشحالی کے لئے دوٹوک عزم کا اعادہ کیا ہے اور سکیورٹی فورسز اور معصوم شہریوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت امن کے قیام، نوجوانوں کو مواقع کی فراہمی اور ترقیاتی عمل کے تسلسل کے لئے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ جو عناصر عام شہریوں، مردوں، خواتین اور بچوں کو قتل کرتے ہیں، ان کے ہمدرد اس قتل عام کو محرومیوں سے جوڑنے کی کوشش کرتے ہیں حالانکہ جن مسائل کا ذکر کیا جاتا ہے وہ پورے ملک کو درپیش ہیں۔ انہوں نے میڈیا سے اپیل کی کہ بلوچستان کی محرومیوں اور تشدد کو الگ الگ رکھا جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا بلوچستان اسمبلی میں امن وامان پر بحث کے دوران خطاب نہ صرف ایک جامع خطاب تھا بلکہ ایک واضح، دوٹوک اور قومی مفاد پر مبنی پالیسی موقف کا اظہار بھی تھا۔ ان کی گفتگو میں جہاں سکیورٹی فورسز اور معصوم شہریوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا، وہیں دہشت گردی، تشدد اور بندوق کی سیاست کے خلاف غیر مبہم پیغام دیا گیا بلوچستان میں امن، ترقی اور استحکام کے قیام کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومت ہمہ گیر اقدامات کر رہی ہیں، اور یہ وقت اتحاد، آئین کی پاسداری اور اجتماعی دانش کے ساتھ آگے بڑھنے کا ہے۔ سب سے پہلے یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ بلوچستان گزشتہ کئی دہائیوں سے پیچیدہ چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے۔ ان چیلنجز میں دہشت گردی، بیرونی مداخلت، منظم پروپیگنڈا اور بداعتمادی پیدا کرنے کی کوششیں شامل ہیں۔ وزیراعلیٰ نے بجا طور پر نشاندہی کی کہ ایک منظم بیانیہ تشکیل دیا گیا جس کا مقصد بلوچستان کے نوجوانوں کو ریاست سے دور کرنا اور ایک مصنوعی خلیج پیدا کرنا تھا۔ تاہم زمینی حقیقت یہ ہے کہ بلوچستان کے عوام پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں اور اپنی قومی شناخت پر فخر کرتے ہیں۔ دہشت گردی کو محرومیوں کے ساتھ جوڑنے کی کوشش دراصل ایک گمراہ کن حکمت عملی ہے۔ یہ کہنا کہ چونکہ کچھ علاقوں میں ترقی کا فرق موجود ہے اس لیے بندوق اٹھانا جائز ہو جاتا ہے، نہ صرف آئینی طور پر غلط ہے بلکہ اخلاقی طور پر بھی ناقابل قبول ہے اگر ترقیاتی تفاوت موجود ہے تو اس کا حل سیاسی عمل، پارلیمانی مباحث، آئینی اصلاحات اور مکالمے کے ذریعے ہی نکل سکتا ہے، نہ کہ معصوم شہریوں، عورتوں اور بچوں کو نشانہ بنا کر۔ وزیراعلیٰ نے یہ اہم سوال اٹھایا کہ کیا تشدد سے کبھی کوئی مسئلہ حل ہوا ہے؟ وزیراعلیٰ کا یہ کہنا کہ آئین 1973 ہی وہ واحد دستاویز ہے جو ہم سب کو جوڑتی ہے، انتہائی اہم اور قابل تحسین ہے۔ آئین کے بعد نیشنل ایکشن پلان انسداد دہشت گردی حکمت عملی کا بنیادی ستون ہے۔ اگر ہم بطور قوم ان دستاویزات پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنائیں تو دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ ممکن ہے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتیں اسی سمت میں پیش رفت کر رہی ہیں۔ سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اس بات کا ثبوت ہیں کہ حکومت اور انتظامیہ ذمہ داریوں سے غافل نہیں بلکہ امن کے قیام کے لیے سنجیدہ اور متحرک ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ سکیورٹی فورسز کو اکثر نہایت پیچیدہ حالات میں کارروائی کرنا پڑتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے جن متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کیا، وہ محض رسمی جملے نہیں بلکہ ایک ذمہ دار قیادت کا احساس ہیں۔ شہداء کے لواحقین کے غم میں شریک ہونا اور انہیں یہ یقین دلانا کہ حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے، اعتماد سازی کی ایک اہم کڑی ہے۔ اسی طرح اسمبلی کی سطح پر کھلے مباحث اور مختلف آراء کا اظہار جمہوری عمل کی مضبوطی کا ثبوت ہے۔ جہاں تک ترقیاتی عمل کا تعلق ہے، وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ گوادر میں 66 ارب روپے خرچ کیے جا چکے ہیں اور یہ پہلا ضلع ہے جہاں کوئی سکول بند نہیں۔ کوئٹہ بی آر ٹی منصوبے میں 14 بین الاقوامی کمپنیوں کی دلچسپی ظاہر کرتا اس بات کا ثبوت ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کا ماحول بہتر ہو رہا ہے۔ جب بین الاقوامی کمپنیاں کسی منصوبے میں دلچسپی لیتی ہیں تو اس کا مطلب ہوتا ہے کہ وہ سکیورٹی، شفافیت اور حکومتی عزم پر اعتماد کر رہی ہیں۔ یہ پیش رفت نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا کرے گی بلکہ شہری انفراسٹرکچر میں بھی نمایاں بہتری لائے گی۔ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کا وزیراعلیٰ کا عزم انتہائی مستحسن اور قابل ستائش ہے۔ انہوں نے درست کہا کہ بلوچستان کا مستقبل بندوق نہیں بلکہ آرٹیفیشل انٹیلی جنس اور ٹیکنالوجی ہے۔ آج کی دنیا علم، ہنر اور ڈیجیٹل معیشت کی دنیا ہے۔ اگر بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید تعلیم، ٹیکنیکل تربیت اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ نہ صرف اپنے صوبے بلکہ ملک کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس سمت میں سرمایہ کاری کرے، اور موجودہ حکومت اس عزم کا اظہار کر چکی ہے۔ یہ بھی قابل غور ہے کہ وزیراعلیٰ نے مذاکرات کے دروازے مکمل طور پر بند نہیں کیے بلکہ واضح کیا کہ وہ قیادت کے ساتھ بات کرنے کے لیے تیار ہیں، تاہم ان عناصر سے بات نہیں ہوگی جو عام شہریوں کے قتل میں ملوث ہیں۔ یہ ایک متوازن اور اصولی موقف ہے۔ مکالمہ جمہوریت کا حسن ہے میڈیا سے وزیراعلیٰ کی اپیل بھی نہایت اہم ہے کہ بلوچستان کی محرومیوں اور تشدد کو الگ الگ رکھا جائے۔ مسائل کی نشاندہی اور تنقید جمہوری حق ہے، مگر دہشت گردی کو کسی بھی صورت جواز فراہم نہیں کیا جا سکتا۔ ذمہ دار صحافت کا تقاضا ہے کہ حقائق کو سیاق وسباق کے ساتھ پیش کیا جائے اور منفی پروپیگنڈے کا حصہ نہ بنا جائے۔ بلوچستان کے مسائل کا حل تشدد، نفرت اور انتشار میں نہیں بلکہ آئین، سیاسی مکالمے، ترقیاتی منصوبوں اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے میں ہے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتیں دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور امن واستحکام کے قیام کے لیے مربوط حکمت عملی پر عمل پیرا ہیں۔ سکیورٹی فورسز کی قربانیاں، ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، سرمایہ کاری میں اضافہ اور نوجوانوں کے لیے مواقع کی فراہمی اسی عزم کا عملی مظہر ہیں۔ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ پاکستان کے ساتھ اپنی وابستگی کا اظہار کیا ہے اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم سب مل کر منفی بیانیے کو مسترد کریں، آئین کی بالادستی کو تسلیم کریں اور اپنے نوجوانوں کو اس لاحاصل جنگ سے دور رکھیں۔ امن ہی ترقی کی ضمانت ہے، اور ترقی ہی خوشحالی کا راستہ۔ ایک ایسا بلوچستان جو پرامن ہو، ترقی یافتہ ہو، اور جہاں نوجوانوں کے ہاتھوں میں کتاب، ہنر اور ٹیکنالوجی ہوئی وہ راستہ ہے جو ہمیں اجتماعی طور پر اختیار کرنا چاہئے تاکہ صوبہ امن، ترقی اور استحکام کی نئی منزلوں کی طرف گامزن ہو سکے۔

ذکر ایک اہم شخصیت کی بیماری کا

برملا



نصرت جاوید

بنگلہ دیش انتخابات کا کڑا مرحلہ

روداد چمن

ڈاکٹر عالمگیر آفریدی

alamgir_afridi@yahoo.com

فریاد! کہ ہم مارے گئے!

تلخ نوائی

محمد اظہار الحق

izhar@izharulhaq.net

پاک قازق تعاون کے امکانات واثرات

خیال حمید

حمید اللہ بھٹی

تحریک انصاف آٹھ فروری کے بعد

خورشید ندیم

پٹواری کے بستے سے کمپیوٹرائزڈ نظام تک

اظہار خیال



خالد مسعود خان

آج سے لگ بھگ بارہ تیرہ برس قبل نو دسمبر 2013ء کو پنجاب میں پہلے کمپیوٹرائزڈ اراضی ریکارڈ سنٹر کا افتتاح ہوا۔ برصغیر پاک وہند میں زمین کا مکمل ریکارڈ پہلی بار شیر شاہ سوری کے زمانے میں تکمیل پذیر ہوا۔ یہ اس خطے کا پہلا بندوبست اراضی تھا۔

پاکستان کی ایک اور فتح

اظہار خیال

عمران یعقوب خان

کھلی کچہریوں کا مقصد عوام سے براہ راست رابطہ ہے، شاہنواز بلوچ

عوام محکموں کے سربراہان کو مسائل سے آگاہ کرتے ہیں ڈی سی کے سربراہی میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے

علاقہ معززین اور عوام نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کھلی کچہریوں کے تسلسل کو برقرار رکھنے کو خوش آئند قرار دیا

قلات (خ ن) ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے تحصیل سطح پر کھلی کچہری کا انعقاد اسسٹنٹ کمشنر کے دفتر میں کیا گیا۔ کھلی کچہری ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ کے زیر صدارت منعقد ہوا کھلی کچہری میں ڈی ایس پی ماہیوال خان تحصیلدار حاجی عبالغفار لہڑی سمیت تمام محکموں کے سربراہان علاقہ معززین سیاسی سماجی رہنماؤں صحافی برادری سمیت عوام نے شرکت کی کھلی کچہری سے وڈیرہ محمد رحیم مینگل عبدالغفور شاہوانی سفیر صحافی شادی خان مینگل رئیس ظہور احمد دہوار نگری غلام سرور نہال خان محمد اسماعیل حافظ عبدالرحمن اور دیگر نے اہم مسائل اجاگر کیئے۔ کھلی کچہری میں نیچنگ ہسپتال قلات میں ادویات کی کمی قلات بازار میں چوکیداروں کی کمی شہر میں اسٹریٹ لائٹس کی مرمت پرائس کنٹرول کمیٹی کی فعالی رئیس تو ک میں نالیوں کی مرمت انجمن تاجران کے انتخابات فیروزآباد سمندر میں سکول بلڈنگ کا نہ ہونا اور دیگر اہم مسائل بیان کیئے گئے۔ کھلی کچہری سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد عوام کا ضلعی انتظامیہ کے ساتھ براہ راست رابطہ ہے اس سے عوام محکموں کے سربراہان کو براہ راست اپنے مسائل سے آگاہ کرتے ہیں ڈپٹی کمشنر منیر درانی کے سربراہی میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے اس سے لوگوں کے کافی مسائل حل ہو رہے ہیں۔

نصیرآباد: اے سی بہادر خان کھوسہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

غازی عبداللہ اچکزئی نے ثابت کیا کہ قربانی کے بغیر آزادی ممکن نہیں

اپنی تاریخ، ثقافت کی حفاظت کی، آج قومیں آزادی کی زندگی گزار رہی ہیں

پشتون قوم کے ہیرو تھے، برطانوی سامراج کے خلاف جدوجہد میں کردار ادا کیا

قلعہ عبداللہ (پ ر) غازی عبداللہ خان اچکزئی نے ثابت کیا ہے کہ قربانی کے بغیر آزادی ممکن نہیں اور ... اسی بے شمار قربانیاں دی گئی تھی جب برطانوی افواج نے افغان زمین پر حملہ کیا تو پشتون قبائل نے ...

WarAnglo?AfghanFirst ... (۱۸۴۲-۱۸۳۸) ... HissaBala ...

محمد سلیم ڈوکی کی محنت اور دیانت داری نے شہریوں کا اعتماد جیت لیا

بابا کوٹ (یو این اے) میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کے چیف آفیسر محمد سلیم ڈوکی نے اپنی تعیناتی کے ... کوڑا کرکٹ کی بروقت صفائی، اور بند نالیوں کی بحالی جیسے اقدامات قابل تعریف ہیں۔ شہریوں نے کہا کہ محمد سلیم ڈوکی جیسے ذمے دار، باصلاحیت اور عوام دوست افسر ہی اداروں کی پہچان بنتے ہیں۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ ایسے افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ بلدیاتی نظام مزید بہتر ہو سکے۔

اسکولز، کالجز میں انتہا پسندی کے خلاف اقدامات کی ضرورت ہے، بہادر کھوسہ

اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی اشتراک سے عملی کردار ادا کرنا ہوگا

نصیرآباد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار کے احکامات پر ڈپٹی کمشنر آفس میں انتہا پسندی اور پر تشدد سوچ کے خاتمے کے لیے ایک پر وقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالحفیظ کھوسہ نائب تحصیلدار مہتاب مری علی احمد ماندائی، فرمان علی، اعجاز علی ساسولی، باز محمد، بابو محمد عالم کنڈرانی، رسول بخش سومرو، کوڑا خان ہاشمی، عبدالمجید رند، ڈسٹرکٹ منیجر یوٹیلیٹی شوکت علی مستوئی سید سجاد شاہ سمیت دیگر آفیسران۔ معززین نے شرکت کی تقریب کا مقصد معاشرے بالخصوص تعلیمی اداروں میں انتہا پسندی اور تشدد کے رجحانات کی روک تھام کے لیے جامع حکمت عملی پر تفصیلی غور کرنا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ نے کہا کہ اسکولوں اور کالجز میں انتہا پسندی اور پر تشدد سوچ کے خلاف مؤثر اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں اور اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی اشتراک سے عملی کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ بچوں اور نوجوانوں کی مثبت، متوازن اور بہتر معنوں میں نشوونما ممکن بنائی جا سکے۔ حکومت بلوچستان کے احکامات پر آج انتہا پسندی کے خاتمے کے حوالے سے خصوصی دن منایا جا رہا ہے جس کے تحت اسکولز بوائز اینڈ گرلز کالجز میں پروگرامز، تقاریب اور دیگر سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا ہے تاکہ حکومت کے وژن کے مطابق عملی اور مؤثر اقدامات کیے جا سکیں اور معاشرے میں امن، برداشت اور ہم آہنگی کے فروغ کو یقینی بنایا جا سکے۔

میٹرک کے سالانہ امتحانات باقاعدہ اور منظم انداز میں جاری ہیں

امتحانی مرکز ضابطہ اخلاق پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جا رہا ہے، نیک محمد

نصیرآباد (نامہ نگار) انٹرمیڈیٹ ہائی اسکول ڈیرہ مراد جمالی میں بلوچستان بورڈ کے تحت میٹرک کے سالانہ امتحانات سپرنٹنڈنٹ نیک محمد مری، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ دائم علی ماسٹر ہدایت اللہ اعظم نازی ... بھرپور ماحول فراہم کیا جا رہا ہے بیٹھنے کے مناسب انتظامات، صاف و شفاف ماحول، روشنی اور دیگر بنیادی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنایا گیا ہے تاکہ طلبہ بلاخوف و خطر اپنے پرچے حل کر سکیں ...

چمن: ڈی سی حبیب احمد بنگلزئی گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میں میٹرک کے امتحانی سینٹر کا معائنہ کر رہے ہیں

نقل کا ناسور۔ بلوچستان کے مستقبل پر خطرناک حملہ

تحریر: سید اسلم شاہ لاجوری

بلوچستان وہ سرزمین ہے جہاں کی مٹی سے "عزم صمیم" کے چشمے پھوٹتے ہیں اور جہاں کے باسیوں کی جبیں پر غیرت و خودداری کا وہ تاج سجتا ہے جس کے سامنے قیصر و کسریٰ کی شان و شوکت بھی ہیچ ہے۔ مگر صد حیف! کہ آج اسی خطے کے درخشندہ مستقبل کو 'نقل گروی' کے زہریلے ناگ نے اپنی سفاک بانہوں میں جکڑ لیا ہے۔ وہ غیور نسل جس کے جلیل القدر اجداد نے کبھی طوقانوں کے سامنے سر تسلیم خم کرنا اپنی خودداری کے منافی سمجھا، آج اسی نسل کو اس 'نام نہاد اور بوسیدہ نظام تعلیم' کی بدولت مصلحتوں کی بھیک اور ذہنی شعور کی کمی میں مبتلا کر دیا گیا ہے۔ یہ نقل گروی دراصل وہ تعلیمی خودکش حملہ ہے جس کے اثرات کسی ایٹمی دھماکے سے کم نہیں۔ جب نظام علم کی مقدس حرمت کی نگہبان بننے کے بجائے بوٹی مافیا کی خاموش سہولت کار بن جائے، تو وہ معاشرہ ...

امتحانی پرچوں کی روایتی ترسیل کے بجائے انکرپٹڈ ڈیجیٹل نظام وضع کیا جائے، تاکہ عصری ٹیکنالوجی کے ذریعے پرچوں کی رازداری کو یقینی بنایا جا سکے اور کسی بھی فکری ورانداز کا راستہ روکا جا سکے۔ تمام امتحانی مراکز کو نوسگنل زون قرار دے کر وہاں جدید ترین جیمرز نصب کیے جائیں، تاکہ سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلنے والی اس تعلیمی وبا کا قلع قمع ممکن ہو سکے۔ نقل کروانے والے گروہوں اور ان کے سہولت کاروں کو تعلیمی دہشت گرد قرار دے کر ان کا ٹرائل خصوصی سمری کورٹس میں کیا جائے، تاکہ قانون کی گرفت سے کوئی مجرم بچ نہ سکے۔ امتحانی ڈیوٹی کے لیے صرف ان اساتذہ کا انتخاب کیا جائے جن کا دامن مصلحتوں سے پاک ہو، اور کسی بھی کوتاہی پر انہیں ملازمت سے فوری برطرفی کی عبرتناک سزا دی جائے۔ رٹہ بازی کی بیخ کنی کے لیے پرچوں کو Conceptual بنایا جائے، جہاں کتاب سامنے ہونے کے باوجود جواب صرف وہی دے سکے جس کا ذہن علم کے نور سے منور ہو۔ ہر امتحانی مرکز کی نگرانی براہ راست حکام کے دفاتر سے سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے کی جائے، تاکہ شفافیت کا علم بلند رہ سکے ...

... اگر آج تم نے اپنی مصلحتوں کے بت توڑ کر اس تعلیمی خودکش حملے کے خلاف آہنی عزم کے ساتھ اعلان جنگ نہ کیا، تو کل تمہارے اپنے اقتدار کے ایوان بھی اسی جہالت کی تپش میں راکھ ہو جائیں گے۔ محض لفظی اشک شوئی سے یہ ناسور ختم نہیں ہوگا، اس کے لیے آہنی عزم اور انقلابی اقدامات کی ضرورت ہے ... تلے دب کر نیست و نابود ہو جاتی ہے؟ ... جائے گا۔ بلوچستان کی سرزمین ہمیشہ سے ایثار و قربانی کا نشان رہی ہے، مگر اس مرتبہ ہمیں اس سرزمین کے لیے ایک نئی جنگ لڑنی ہے تعلیمی جنگ۔ اگر ہم اس جنگ میں کامیاب ہو جاتے ہیں، تو ہماری نسلیں ہمیشہ کے لیے روشنی کی طرف گامزن ہوں گی، ورنہ یہ زمین جہالت کے اندھیروں میں ڈوب جائے گی۔

MASHRIQ CLASSIFIED

اطلاع عام

... 7 یوم کے اندر موبائل نمبر 03472 311282 پر آصف جمیل سے رابطہ کریں المشتہر آصف جمیل

R.No.........62760

اطلاع عام

محمد نسیم ولد حاجی امان اللہ قومی شناختی کارڈ نمبر 5440131452923 ساکن طوغی روڈ کوئٹہ نے اپنا مکان رقبہ تین ہزار فٹ مسمی عبدالنبی ولد رسول بخش شناختی کارڈ نمبر 5440039600169 سے خرید کر ٹرانسفر کرنا چاہتا ہوں کسی کو اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر رابطہ کریں المشتہر محمد نسیم ولد حاجی امان اللہ

سندھی ADVT ....

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5220309998743 بنام شکیل بھٹی کواری روڈ پر گم گیا ہے جسے ملے موبائل نمبر 03081629014 پر مطلع کرے

اسٹاف چوہدری امتیاز

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ بنام سمیع اللہ والد کا نام حبیب اللہ مجھ سے کہیں گم ہو گیا جس کو ملے پریس کلب مسلم باغ پہنچا دے

نمائندہ مسلم باغ

کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ ہرگز قبول نہیں کیا جائیگا، چیف انجینئر

مواصلات و تعمیرات کے وژن کے مطابق شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا

حکومت کے ترقیاتی منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائی جا رہی ہیں، بشیر ناصر

نصیرآباد (خ ن) چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات نصیرآباد زون بشیر ناصر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن چیف سیکرٹری بلوچستان صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری C & W بابر خان کاکڑ کے احکامات کی روشنی میں نصیرآباد زون میں محکمہ مواصلات و تعمیرات حکومت بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام وسائل اور صلاحیتیں بروئے کار لائی جا رہی ہیں۔ محکمے کے مورال کو بلند رکھنے اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے تمام انجینئرز اپنی نگرانی میں سرکاری امور کو پی سی ون کے مطابق معیاری اور پختہ تعمیری عمل کے تحت مکمل کر رہے ہیں جو خوش آئند اقدام ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا اور سرکاری وژن کا مقصد جاری ترقیاتی منصوبوں کو مزید پائیدار، شفاف اور معیاری بنانا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نصیرآباد زون میں جاری ترقیاتی عمل کے جائزے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ دورے کے دوران چیف انجینئر نے ضلع صحبت پور، ضلع اوستہ محمد اور ضلع کچھی سمیت زون بھر میں روڈز اور بلڈنگز سیکٹر کے تحت جاری زیر تعمیر منصوبوں کا باریک بینی سے معائنہ کیا اور متعلقہ سپرنٹنڈنگ انجینئرز اور ایگزیکٹو انجینئرز سے تفصیلی بریفنگ لی۔ انہوں نے ہدایت جاری کی کہ تمام ترقیاتی منصوبے تکنیکی معیار، پی سی ون اور مقررہ ٹائم لائن ... ڈائریکٹر خضر کھوسہ، ایگزیکٹو انجینئر عرفان علی راجپوت، جہانگیر کھوسہ، عبدالستار بنگلزئی، محمد یاسین، ارشاد احمد سلاچی سمیت دیگر سب ڈویژنل افسران نے اپنے اپنے اضلاع میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ چیف انجینئر بشیر ناصر نے مزید کہا کہ مواصلات و تعمیرات کے وژن کے مطابق شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا

ای پی آئی پروگرام انتہائی اہمیت کا حامل ہے، کمشنر نصیرآباد ڈویژن

بچوں کی بروقت ویکسینیشن انہیں مختلف مہلک بیماریوں سے محفوظ بناتی ہے

جن اضلاع میں کمزوریاں سامنے آئی ہیں وہاں فوری اصلاحی اقدامات کیے جائیں

نصیرآباد (نامہ نگار) کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت ای پی آئی حفاظتی ... کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ ای پی آئی پروگرام انتہائی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ بچوں کی بروقت ویکسینیشن انہیں مختلف مہلک بیماریوں سے محفوظ بناتی ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ جن اضلاع میں ای پی آئی پروگرام ... ضلعی سطح پر ڈیفالٹرز کی فہرستیں مرتب کر کے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی جائیں تاکہ رہ جانے والے بچوں کو کور کیا جا سکے جبکہ زیرو ڈوز بچوں کی علیحدہ لسٹیں بنا کر دور دراز علاقوں میں بھی ای پی آئی پروگرام کو وسعت دی جائے تاکہ کوئی بچہ حفاظتی ٹیکہ جات سے محروم نہ رہے۔

اوستہ محمد، آئے روز اقلیتی برادری سے لاکھوں روپے لوٹ لئے جاتے ہیں

رائس مل سے چوکیداروں کی ملی بھگت سے لاکھوں روپے کی شالی کی دان چوری ہو گئی

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد کے معروف مل اونر ہندو پنچایت کے اہم شخصیت لال چند نے کہا ہے کہ اوستہ محمد شہر میں آئے روز گن پوائنٹ پر اقلیتی برادری سے لاکھوں روپے لوٹ لیا جاتا ہے ملزم کی نشاندہی ہونے کے باوجود ملزم گرفتار نہیں ہوتے رائس مل سے چوکیداروں کی ملی بھگت سے لاکھوں روپے کا شالی کی دان چوری ہو گیا چوکیدار کی اعتراف جرم کرنے کے باوجود پولیس نے چھوڑ دیا جبکہ اکثریتی برادری کے چوری میں ملوث موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں برآمد ہو رہی ہے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے ہندو برادری کی ڈکیتی و چوری کی رقم اور سامان آج تک برآمد نہیں ہو سکا اوستہ محمد پولیس کی ناروا سلوک کی وجہ سے ہندو برادری ہندوستان نقل مکانی کرنے پر مجبور ہو چکا ہے لال چند نے مزید کہا کہ اوستہ محمد کے تمام معتبرین منتخب عوامی نمائندوں کو ہندو برادری کے ساتھ درپیش مسائل سے آگاہی دینے کے باوجود کوئی پیشرفت نہیں ہو رہی انہوں نے کہا کہ ہم مظلوم شہری ہیں ہمارے ساتھ ناروا سلوک ہو رہا ہے ہم کاروبار نہیں کر سکتے انہوں نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ میرے رائس مل میں چوری کی واردات ہونے سے قبل اٹھ سے نو مسلح افراد معروف مل اونر ارگن داس سے نو لاکھ سے زائد نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے ان کی بھی آج تک کوئی ریکوری نہیں ہوئی ستم ظریفی کی انتہا ہو چکی ہے بااثر قبائلی لوگوں کے ملزم اور ڈکیتی شدہ سامان اور نقدی فوراً پولیس برآمد کر لیتی ہے لال چند نے مزید کہا کہ ہمارا تعلق بدقسمتی سے اقلیتی برادری سے ہے اس لیے آئے روز ہمیں لوٹ لیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ اب قرآن پاک اٹھا کر احتجاج کروں گا کیونکہ ایک طرف ڈکیتی کی وارداتیں دوسری جانب موسمی اثرات اور بین الاقوامی مارکیٹ کی وجہ سے رائس مل اونر تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں اور مالیاتی اداروں کے نادہندگان میں شامل ہوئے ہیں انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی قبائل کے سربراہ میر ذوالفقار علی خان جمالی چیف سیکرٹری بلوچستان آئی جی پولیس بلوچستان سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ہندو برادری کو جینے کا حق دو

چمن کو سرسبز و شاداب بنانے میں ہر فرد کردار ادا کرے، حبیب احمد

سکولوں، کالجز گراؤنڈ دیگر خالی جگہوں پر پودے لگائیں جائیں، ڈی سی

چمن (خ ن) ...

اوستہ محمد: میر جان محمد خان جمالی اسد خان جمالی الطاف حسین جعفرانی ودیگر کا گروپ فوٹو

صحبت پور: ڈی سی فرید ترین کی قیادت میں عالمی یوم انسداد تشدد کی روک تھام کے سلسلے میں ریلی نکالی جا رہی ہے

انسداد تشدد و انتہا پسندی کے عالمی دن کے موقع پر آگاہی واک کا انعقاد

مستونگ (یو این اے) انسداد تشدد و انتہا پسندی کے عالمی دن کی مناسبت سے ڈپٹی کمشنر کمپلیکس شاہی باغ میں ایک باوقار اور بامقصد آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا، جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر بہرام سلیم نے کی۔ واک میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنرز، مختلف محکموں کے افسران، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائیگا، ڈی سی چمن

نیا نرخ نامہ فی الفور نافذ العمل ہوگا خلاف ورزی پر سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

تمام دکانداران نئے نرخ نامے کو دکانوں میں کسی نمایاں جگہ پر آویزاں کریں، حبیب احمد بنگلزئی

چمن (خ ن) ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت گزشتہ روز ماہ رمضان کے حوالے سے پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد کیا گیا تھا اجلاس میں مرکزی انجمن تاجران و دکانداران ہیئر ڈریسر، درزی ایسوسی ایشن، تندور ایسوسی ایشن، قصابان یونین، مارکیٹ ایسوسی ایشن اور دودھ فروشوں کے نمائندے اور دیگر متعلقہ نمائندے شریک ہوئے تھے اجلاس میں اشیاء خورد و نوش اور دیگر ضروری قیمتوں پر تفصیلی مشاورت کے بعد پرائس کنٹرول کمیٹی اور انجمن تاجران کے درمیان تمام ریٹس پر اتفاق رائے سے قیمتوں کا تعین کیا گیا ڈی سی چمن کی اجازت اور منظوری سے آج سے انجمن تاجران دکانداران اور پرائس کنٹرول کمیٹی سے منظور شدہ باقاعدہ نیا نرخ نامہ جاری کیا گیا ہے جو کہ آج سے نافذ العمل ہوگا اور خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی ڈی سی چمن نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ سرکاری نرخ نامے پر عمل درآمد کو ہر حال میں یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا ہے کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور تاجر برادری باہمی تعاون سے کام کریں اور ماہ رمضان کے مقدس مہینے میں اشیاء خورد و نوش اور دیگر ضروری سامان کے معیار سرکاری نرخ نامے صفائی ستھرائی اور ایس او پیز اور سینیٹیشن پریکٹسز پر عمل درآمد کرنے والے دکانداروں کیخلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف کسی قسم کی مصلحت پسندی اور نرمی کا مظاہرہ نہیں کیا جائے گا انہوں نے دکانداروں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام دکانداران نئے نرخ نامے کو دکانوں میں کسی نمایاں جگہ پر آویزاں کیا جائے تاکہ گاہکوں کو نرخ نامے کے حوالے سے معلومات حاصل ہوں۔

بیلا کے گوٹھ ملکانہ کے مکین پینے کے صاف پانی سے محروم، عوام کو مشکلات

مکینوں کا وفاقی وزیر اور پارلیمانی سیکرٹری سے واٹر سپلائی اسکیم کے قیام کا مطالبہ

بیلا (یو این اے) گوٹھ ملکانہ بیلا کے مکین پینے کے پانی سے یکسر محروم قلت آب سے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے یہ بات گوٹھ ملکانہ بیلا کے نوجوان شاہد خاص خیلی نبی بخش خاص خیلی ماسٹر افضل رونجھو سلیمان رونجھو انور خاص خیلی نے عوامی پریس کلب رجسٹرڈ بیلا میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ کثیر آبادی پر مشتمل اس گوٹھ میں سرکاری اور غیر سرکاری اداروں کی طرف سے مکینوں کے لے ہوشی کی بیج تک کوئی اسکیم نہیں مکین پانی سے محروم اور مشکلات سے دوچار ہیں گوٹھ میں موجود مسجد عیدگاہ اور بوائز سکول میں بھی پانی کی اشد ضرورت ہے رمضان المبارک اور گرمی کے موسم میں پانی کی ضرورت بڑھ جاتی ہے اس وقت گوٹھ کی خواتین بچیاں اور مرد پینے کے پانی کے حصول کے لے در بدر ہیں ان کی حالت زار اور مشکلات کا کسی کو احساس نہیں انہوں نے وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور پارلیمانی سیکرٹری سیاحت و ثقافت نواب زادہ زرین مگسی سے مطالبہ کیا ہے کہ گوٹھ ملکانہ بیلا میں پینے کے پانی کی سہولت مہیا کر کے مکینوں کی مشکلات دور کریں فوری طور پر واٹر سپلائی اسکیم کی منظوری یقینی بنا کر مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔

انتہا پسندی، پرتشدد سوچ کے خاتمے کے عالمی دن کی مناسبت سے تقریب

طلبہ و طالبات سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی بھرپور شرکت

جعفرآباد (خ ن) انتہا پسندی اور پرتشدد سوچ کے خاتمے کے عالمی دن کی مناسبت سے ضلع جعفرآباد میں ڈپٹی کمشنر خالد خان کے احکامات پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر، مقامی معززین، تمام مذہبی جماعتوں کے نمائندے، مقامی مدارس کے اساتذہ و نمائندگان، اساتذہ کرام، اقلیتی برادری کے نمائندے، ڈسٹرکٹ میڈیا پرسن سیل کے نمائندے، طلبہ و طالبات سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ پرتشدد اور انتہا پسند سوچ کا قلع قمع کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، معاشرے میں برداشت، رواداری اور بھائی چارے کے فروغ کے ذریعے ہی پائیدار امن قائم کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا اور تعلیم و شعور کو عام کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے تاکہ ایک پرامن اور مستحکم معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔

کلی گورگیج آبنوشی اسکیم کے پائپ لائن کا کام مکمل، پانی کی سپلائی بحال

یونین کونسل سرل سے کلی گورگیج آبنوشی اسکیم کا پائپ لائن ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھا

(نامہ نگار) کلی گورگیج آبنوشی اسکیم کے پائپ لائن کی مرمت کا کام مکمل، پانی کی سپلائی بحال کر دی گئی یونین کونسل سرل کی سب سے بڑی کلی گورگیج آبنوشی اسکیم کا مین پائپ لائن جو کہ عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھا جگہ جگہ ٹوٹ پھوٹ اور جگہ جگہ پائپ لائن بند ہونے کی وجہ سے کئی دنوں سے کلی کا زیادہ تر حصہ پانی کی سہولت سے محروم تھا اہلیان کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے کونسلر نور احمد گورگیج، پی ایچ ای کے ملازمین محمد ایوب گورگیج، محمد طیب گورگیج و اہلیان کی جانب سے کئی جگہوں پر پائپ لائن کی کھدائی کر کے ٹوٹ پھوٹ کا شکار پائپوں کو نکال کر اپنی مدد آپ کے تحت خریدی گئی پائپ نصب اور جگہ جگہ پائپوں کی مرمت کر کے کلی کو پانی کی سپلائی بحال کر دی جس پر اہلیان نے سکھ کا سانس لے لیا کلی کے آبنوشی اسکیم کا کلی تک فاصلہ طویل ہے جسے جگہ جگہ مرمت بلکہ نئے سرے سے بچھانے کی ضرورت ہے اہلیان و کونسلران نے کئی بار عوامی نمائندوں کو زبانی و تحریری طور پر آگاہ کیا مگر ابھی تک کوئی شنوائی نہیں ہوئی تین ہزار نفوس پر مشتمل اہلیان کی مشکلات کو کونسلر نور احمد گورگیج کی کوششوں سے قدرے کم ہوئی آخر میں اہلیان نے وارڈ کونسلر نور احمد گورگیج کی کوششوں کا خیر مقدم کیا ہے۔

اوستہ محمد ٹریفک پولیس کا نظام ٹھپ ہو کر رہ گیا

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد ٹریفک پولیس کا نظام ٹھپ ہو کر رہ گیا اوستہ محمد سمیت نصیرآباد ڈویژن ٹریفک برانچ میں غیر تربیت یافتہ اہلکاروں و افسران کی تعیناتیاں عروج پر جبکہ حکومت بلوچستان اور محکمہ پولیس بلوچستان کی جانب سے کروڑوں روپے فنڈز خرچ کر کے ٹریفک تربیتی یافتہ افسران و اہلکاروں کو جنرل ڈیوٹی پہ تعینات کیا گیا جس کی وجہ سے ٹریفک برانچ کا نظام تباہ و برباد ہو کر رہ گیا شہر میں گھنٹوں گھنٹوں ٹریفک جام شہری و مسافر ذہنی کوفت میں مبتلا حکام بالا اس جانب نوٹس لے عوامی حلقوں کا مطالبہ۔ اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی مداخلت کی وجہ سے ٹریفک برانچ اوستہ محمد سمیت نصیرآباد ڈویژن تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے سونے پہ سہاگہ ٹریفک برانچ کے تربیتی یافتہ سینیئر و تجربہ کار افسران و اہلکار جنرل ڈیوٹی کرنے پر مجبور جبکہ اوستہ محمد سمیت مختلف پولیس تھانوں میں جنرل ڈیوٹی کرنے والے افسران و اہلکار ٹریفک برانچ میں تعینات ہو گئے جس کی وجہ سے ٹریفک اہلکاروں کی حوصلہ شکنی کے ساتھ ساتھ ٹریفک برانچ کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا گیا آئی جی پولیس بلوچستان ڈی آئی جی نصیرآباد رینج ایس پی ٹریفک نصیرآباد ڈویژن اس جانب فوری نوٹس لیں

جنرل کونسلر میونسپل کارپوریشن کا محکمہ پی ایچ ای کی کارکردگی پر تحفظات

... انہوں نے حکومت بلوچستان، کور کمانڈر بلوچستان، وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان، سیکرٹری پبلک ہیلتھ، کمشنر نصیرآباد اور ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد سمیت دیگر متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ محکمہ پی ایچ ای اوستہ محمد کے ذمہ داران کے خلاف فوری کارروائی کی جائے اور ہنگامی بنیادوں پر تالابوں میں پانی ذخیرہ کر کے شہریوں کو پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ... محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ ای) شہر میں پانی کی فراہمی میں مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے، جس کے باعث شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ محکمہ پی ایچ ای کی لاپرواہی اور ناقص حکمت عملی کے باعث عوام کو اذیت اور پریشانی کا سامنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ایچ ای فیڈر ون کے تالاب تیزی سے خشک ہو رہے ہیں جبکہ متعلقہ حکام کی جانب سے ...

انتہا پسندی کے خاتمے کیخلاف ہم سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، ڈی سی ہرنائی

کمیونٹی وائلنس ایکسٹریمزم کے خلاف دن " کے حوالے سے تقریب سے ارشد حسین جمالی ودیگر کا خطاب

معاشرے کو انتہا پسندی سے محفوظ رکھنے اور پرامن ماحول کی تشکیل کے لیے اجتماعی کوششوں کو مضبوط بنانا ہوگا

ہرنائی (خ ن) گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر آفس میں عالمی سطح پر منائے جانے والے سی وی ای (CVE) یعنی "کمیونٹی وائلنس ایکسٹریمزم کے خلاف دن" کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی کی سربراہی میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں مختلف محکموں کے افسران، علما کرام، قبائلی معتبرین، طلبا، اقلیتی برادری کے نمائندگان، میڈیا پرسنز اور سیاسی و سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکا نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور مختلف تجاویز پیش کیں اور اس دن کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ تقریب کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے اس دن کے مقصد پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ انتہا پسندی کے خاتمے اور اس کے خلاف آگاہی پیدا کرنے کے لیے ہم سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ کمیونٹی سطح پر تعاون، تعلیم اور معاشرتی ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ تشدد اور نفرت کے خاتمے کی کوششوں کو کامیاب بنایا جا سکے۔ تقریب کے شرکا نے اس بات پر اتفاق کیا کہ معاشرے کو انتہا پسندی ...

صحبت پور، کاؤنٹر وائلنس اینڈ ایکسٹریمزم ڈے کے موقع پر ریلی

تعلیمی اداروں کے اساتذہ و طلباء، سول سوسائٹی کے نمائندگان کی شرکت

...

ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی کی زیر صدارت رمضان پیکج سے متعلق اجلاس

قلات (خ ن) ... نے شرکت کی۔ اجلاس میں حکومت بلوچستان کی جانب سے رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں ضلع قلات کے مستحق غریب خاندانوں کو راشن کی فراہمی سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی نے کہا کہ رمضان پیکج کے تحت راشن کی تقسیم منصفانہ ہوگی تاکہ مستحقین تک راشن پہنچ سکے تمام یونین کونسلر کے چیئرمین اور کونسلران اپنے اپنے وارڈز میں غریب اور نادار گھرانوں کی فہرست جلد از جلد تیار کریں

بعدالت جناب ڈسٹرکٹ جج کوہلو

سول نگرانی نمبر 7/2025 ...

62761

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول سٹی کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس ...

62762

بعدالت اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول / تحصیلدار صحبت پور

اشتہار بنام عوام الناس ...

EXTENSION

With reference to PRQ No.3539/29-01-2026 Dated.30-01-2026, the tenders of works PHE Division Duki as per above PRQ No and dated held on 13-02-2026. Now the date will be extended and held on dated. 20-02-2026. The all terms and condition is same.

Executive Engineer
Public Health Engineering
Division Duki

PRQ NO.3740/12-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت میرزا بر علی ڈوکی تحصیلدار سبی ضلع سبی

اشتہار بنام عوام الناس

ہر گاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی ناصر حسین ولد مرحوم نواز احمد قوم کولا پی سکنہ سبی نے تحریری درخواست شرعی تقولی حلفیہ بیان فوتگی سرٹیفکیٹ پیش کیا ہے کہ ان کے والد متوفی نور احمد ولد فضل احمد انتقالے الٰہی عرصہ 2 سال فوت ہو چکے ہیں متوفی کے جائز ورثاء بمطابق شرعی تقولی ایک بیوہ تسیم پروین تین لڑکے مسمیان ناصر حسین، سالار حسین، ارتضیٰ حسین اور تین بیٹیاں زہرہ نور، سارہ نور، عائشہ نور ہیں بمطابق حلفیہ بیان متوفی نور احمد ولد فضل احمد کے متذکرہ بالا ورثاء کے علاوہ دیگر کوئی جائز ورثاء نہیں ہے متوفی کی اراضی موضع گلو شہر زیر انتقال 233 حصہ خود اراضی رقبہ تعدادی 272/100-18 حصہ درج ریونیو ریکارڈ ہے متوفی کی اراضی بحق جائز ورثاء وراثت انتقال کرنی مطلوب ہے اگر کسی شخص ادارے کو کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو اندر 7 یوم دفتر زیر دستخطی کو پیش کرے بصورت دیگر انتقال وراثت درج ہو کر تصدیق کیا جائے گا اشتہار ہذا آج مورخہ 11/2/2026 کو میرے دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

اسٹاف ارشد

ورلڈ پیرا ایتھلیٹکس حیدر علی نے گولڈ میڈل جیت کر پاکستان کا پرچم بلند کر دیا

حیدر علی نے 54.71 میٹر کی شاندار تھرو پھینک کر پوڈیم پر پہلی پوزیشن حاصل کی، عالمی مقابلے میں 54 ممالک شریک تھے

14 فروری کو گولڈ میڈل کے ساتھ وطن واپس پہنچیں گے، پرتپاک استقبال کیا جائے گا، ضلعی انتظامیہ نے تیاریاں شروع کر دیں

دبئی (این این آئی) قومی ہیرو حیدر علی نے دبئی میں منعقدہ ورلڈ پیرا ایتھلیٹکس گراں پری کے ڈسکس تھرو مقابلے میں گولڈ میڈل جیت کر ایک بار پھر پاکستان کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ حیدر علی نے 54.71 میٹر کی شاندار تھرو پھینک کر پوڈیم پر پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اس عالمی مقابلے میں بھارت سمیت 54 ممالک کے نامور ایتھلیٹس شریک تھے ... کامیابی حیدر علی کے پاکستان کے کامیاب ترین پیرا ایتھلیٹ ہونے کے اعزاز کو مزید مستحکم کرتی ہے۔

لاہور: صوبائی وزیر بلال یاسین پنجاب پریمیئر لیگ 2026 ٹرافی کی رونمائی کر رہے ہیں

پی ایس ایل آکشن کے بعد حیدرآباد کنگز مین کا حتمی سکواڈ کا اعلان

تجربہ کار اور ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کا امتزاج قائم رکھا گیا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کے گیارہویں ایڈیشن کی نیلامی کے بعد حیدرآباد کنگز مین نے اپنے حتمی سکواڈ کا اعلان کر دیا۔ فرنچائز نے آسٹریلوی بیٹر مارنس لبوشین کو 5 کروڑ 88 لاکھ روپے میں ڈائریکٹ سائن کیا ... عرفان خان کو 2 کروڑ 90 لاکھ اور حسن خان کو 1 کروڑ 85 لاکھ روپے میں خریدا۔ فاسٹ بولر ریلی میریڈتھ 4 کروڑ 20 لاکھ اور اوپنر بار تھمین 1 کروڑ 10 لاکھ روپے میں ٹیم کا حصہ بنے ...

ٹی 20 ورلڈ کپ میں عمان کے باؤلرز سری لنکا کیخلاف وکٹ لینے کے بعد خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

پاکستانی بیٹر کی پاور فل ہٹنگ سے گراؤنڈ کے باہر کھڑی کار کا شیشہ چکنا چور

کار سری لنکن مالک کی تھی جس نے 30 ہزار روپے میں گاڑی کی مرمت کی

پاکستان نے بھارت سے میچ کھیلنے کیلئے ہماری رضامندی مانگی تھی، امین الاسلام

پاکستان نے ہمیں بہت سپورٹ کیا، بنگلہ دیش اور پاکستان کافی قریب آئے ہیں

ڈھاکا (این این آئی) سربراہ بنگلادیش کرکٹ بورڈ امین الاسلام نے کہا ہے کہ پاکستان نے ورلڈکپ ٹی ٹوئنٹی میں بھارت سے میچ کھیلنے کے لیے ہماری رضامندی مانگی تھی۔ ایک انٹرویو میں امین الاسلام نے بتایا کہ پاکستان کے فیصلے سے بنگلادیش اور پاکستان قریب آئے ہیں، پاکستان نے ہمیں بہت سپورٹ کیا۔ پاکستان نے میٹنگ میں بتایا بنگلا دیش نہ ہوا تو ہم نہیں کھیلیں گے ...

ٹیم بیلنس ہے، پاکستان بھارت کے خلاف کامیابی حاصل کرے گا، انضمام الحق

قومی ٹیم اچھے کھیل کا مظاہرہ کر رہی ہے، سیاست کو کھیل سے الگ رکھا جائے اور سپورٹس مین اسپرٹ کا مظاہرہ کیا جائے، سابق کپتان

پاکستان سپر لیگ کی کامیاب آکشن سے ہم کرکٹ کے ایک نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں اس پر سب کو مبارکباد دیتا ہوں، بات چیت

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان انضمام الحق نے کہا ہے کہ پاکستان بھارت کیخلاف قومی ٹیم جیتے گی۔ میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ بھارت کے خلاف پاکستان ٹیم میچ جیتے گی ...

ہیڈ کوچ ہوتا تو فخر زمان کو پلیئنگ الیون میں ضرور شامل کرتا، ثقلین مشتاق

ٹیم میں تبدیلی کر دینا کا مطلب یہ ہے کہ ہیڈ کوچ کوئی تیاری کر کے نہیں آئے

لاہور (این این آئی) سابق کرکٹر ثقلین مشتاق نے کہا ہے کہ میں اگر ہیڈ کوچ ہوتا تو فخر زمان کو پلیئنگ الیون میں ضرور شامل کرتا۔ میڈیا سے گفتگو میں سابق اسپنر ثقلین مشتاق نے کہا کہ ...

ورلڈکپ: پاکستانی ٹیم سری لنکا میں بھی دیسی کھانوں سے لطف اندوز

لاہور: کھلاڑی پنجاب پنک گیمز کے دوسرے روز تائیکوانڈو کے مقابلے کا منظر

ٹی ایم بی کلب ٹو ڈسٹرکٹ شہید ناصر بنگلزئی کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچ گئی

شہید اولیس کلب کی جانب سے دیا گیا 134 رنز کا ٹارگٹ ٹی ایم بی کلب نے آخری بال پر حاصل کرلیا، فائنل 16 فروری کو کھیلا جائے گا

ٹی ایم بی کلب کے تاج محمد اور موسیٰ کی نمایاں بیٹنگ، اولیس کلب کے اشرف پٹھان نے 3، پرویز باقی اور ظفر سپاری نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا

پی ایس ایل آکشن، عماد اکمل کا نام شامل نہ کرنے پر کامران اکمل پھٹ پڑے

قومی ٹیم کے مایہ ناز فاسٹ بولر نسیم شاہ لیگ کے سب سے مہنگے ملکی کھلاڑی ثابت ہوئے

لاہور (یو این پی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 2026 کے گیارہویں سیزن میں نئی تاریخ رقم ہو گئی ہے ...

ویسٹ انڈیز نے انگلینڈ کو شکست دے دی، ٹی 20 سپر ایٹ کوالیفائی کے امکانات روشن

ویسٹ انڈیز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 196 رنز بنائے، انگلینڈ کی ٹیم فقط 166 رنز ہی بنا پائی

شیرفین کی 76 رنز کی دھواں دار اننگز، سیم کرن 43 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے جیکب 33 اور فل سالٹ 30 رنز کے ساتھ نمایاں بیٹسمین رہے

ممبئی (این این آئی) آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں گروپ سی کے اہم میچ میں ویسٹ انڈیز نے انگلینڈ کو 30 رنز سے شکست دے دی۔ ممبئی کے وانکھیڈے اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے اس میچ میں ویسٹ انڈیز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 196 رنز بنائے ...

WAPDA
Decade of Dams

JOB OPPORTUNITY AS SOCIAL SAFEGUARDS SPECIALIST

WAPDA requires the services of a qualified and experienced Professional Social Safeguards Specialist as Individual Consultant for a project titled "Building Environmental and Social (E&S) Capacity in Hydropower Development in Pakistan" under World Bank Grant Facility as per following details:

Sr. No.	Position	Place of Posting	Eligibility Criteria
01	Social Safeguards Specialist	Lahore / Islamabad with travel to Hydropower Project sites as required	**Qualification:** Master's / Bachelors (Hons.) degree (16 years of education) in Social Sciences/ Development Studies/ Environmental Sciences/Gender Studies/Business Administration or related field from reputable & recognized local or foreign institution, duly recognized by the Higher Education Commission (HEC) of Pakistan. **Experience:** At least Ten (10) years of relevant/specific experience in Social assessment, resettlement, stakeholder engagement and community development in large infrastructure projects, with hydropower or dams experience preferred. Strong familiarity with World Bank ESF and Pakistan's legal framework. Experience in social capacity building and institutionalization. **Note:** Preference will be given to candidates having relevant work experience in International/ World Bank Funded Projects.

Tenure:
The appointment will be on contract basis on Lumpsum package initially for a period of 01 year with 03 months probation period extendable on satisfactory performance of the individual / requirement of the Organization.

Pay Package:
Market Competitive Lumpsum pay package based on qualification and experience will be offered.

Mandate / Charter of Duties:
- Review existing social safeguard processes, practices and systems across hydropower projects. Identify operational needs for LA&R, ESS, project management, finance, and senior management.
- Design a comprehensive social capacity-building program for hydropower covering land acquisition, resettlement, livelihood, labor, health, indigenous/vulnerable groups, gender, GBV/SEA risk mitigation, stakeholder engagement, and grievance redress to enable WAPDA to produce bankable project documents complaint to international banks/donor agencies requirements and World Bank CPF Pakistan.
- Project activities design, planning and implementation throughout the project stages.
- Develop tailored central and project level social procedures, manuals, and tools specific to hydropower.
- Prepare standard TORs for social assessment, surveys, RAPs, livelihood, labor, and gender / GBV risk studies.
- Design, deliver and arrange training / coaching for WAPDA staff on ESF social standards, consultations, RAP, GRM, Labor and GBV/SEA mitigation.
- Support piloting of improved social risk practices and grievance mechanisms, documenting lessons and best practices.
- Provide technical assistance to WAPDA ESS on reviewing and improving social instruments for hydropower projects.
- Support integration of social risk management into WAPDA's project cycles and central policies.
- Design and support social monitoring frameworks to trace resettlement, livelihood, GRM performance, and stakeholder engagement quality.
- Support implementation of social risk mitigation per the Environmental and Social Management Framework (ESMF).
- Advise on social risks that could cause or worsen community conflict or impact vulnerable groups throughout project.
- Ensure implementation and reporting of gender-tagged actions in the project.
- Develop, deliver and arrange awareness sessions with the Environment Specialist, with resource material and assessment. Conduct site supervisions during project implementation and provide feedback to leadership.
- Develop and maintain practical guidelines for an effective Grievance Response and Redressal Mechanism.
- Design, deliver and arrange training for WAPDA staff on Social Safeguards.
- Develop training modules for regular WAPDA technical programs. Recommend relevant short courses from international institutions for WAPDA staff.
- Coordinate with GIS/MIS & Environmental Specialists for ESF support and reporting needs.
- Participate in Project meetings and contribute to progress reports and presentations.
- Any other tasks assigned by the Project Director / Authority.

General Conditions & Instructions:
- Prescribed application form is available on WAPDA's website (**https://www.wapda.gov.pk**).
- The recruitment will be governed by World Bank regulations.
- Only shortlisted candidates will be called for interview and no TA / DA will be admissible.
- WAPDA is an equal opportunity employer.
- Educational degrees must be from HEC recognized Universities / Concerned Boards duly verified.
- Original documents must be presented by the candidates at the time of interview.
- The candidates who have been weeded out of service on disciplinary ground as well as dismissed or debarred for future employment are not eligible to apply.
- The services on lumpsum pay package shall not be regularized at any stage.
- Applications carrying incomplete / incorrect information or received after last date of receipt shall be rejected. Any information found bogus at any stage during induction or later in service shall result in termination thereof.
- WAPDA reserves the right to withhold / cancel the recruitment process at any stage without assigning any reason.
- Candidates fulfilling the eligibility criteria specified above may submit their job applications on prescribed form alongwith a detailed CV, attested copies of all educational / experience certificates, domicile certificate, CNIC and 02 recent passport size photographs to **Director (Recruitment), B-26 WAPDA House, Lahore through courier / postal service within 10 days of publication of advertisement.**
- For any information / query, candidates may email on **dgrectt@wapda.gov.pk** or contact **+92-42-99200483.**

DIRECTOR (RECRUITMENT) WAPDA
B-26, WAPDA House, Lahore. Phone No. 042-99200483

PID(L)2208/25 | www.wapda.gov.pk | PRD(L)/WAPDA/252(2025-26)

ڈی سی چمن کا نے میٹرک کے امتحانات کے دوران امتحانی ہال کا دورہ

امتحانی احاطے کا جائزہ، ہال میں طلباء کے امتحانات دینے کے عمل کا جائزہ لیا

چمن (خ ن) ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی نے چمن میں جاری میٹرک امتحانات کے دوران گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول چمن امتحانی ہال کا اچانک دورہ کیا اس دوران انہوں نے امتحانی احاطے کا جائزہ لیا اور امتحانی ہال میں طلباء کی امتحانات دینے کے عمل کا جائزہ لیا انہوں نے امتحانی سپرنٹنڈنٹ اور عملے کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پیپر وقت پر شروع کیے جائیں اور نقل کی روک تھام کو یقینی بنائیں اور امتحانی احاطے میں کسی بھی غیر متعلقہ شخص کی انٹری پر سخت پابندی رکھیں اور جب تک امتحانات ختم نہیں ہوتی اسوقت تک پولیس فورس کسی بھی شخص کو امتحانی احاطے کے نزدیک نہ آنے دیں تاکہ امتحانات پر امن اور خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوں انہوں نے کہا کہ نقل پر پابندی سے طلباء و طالبات اپنی پڑھائی پر توجہ مرکوز کریں گے اور اس طرح ہمارے بچوں کا مستقبل روشن اور محفوظ رہے۔

سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی بحالی کیلئے این آر ایس پی کی ٹیم میدان میں

سروے کے بعد متاثرہ افراد کے لیے رہائشی مکانات کی تعمیر کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا

سوراب (آن لائن) ضلع شہید سکندر آباد سوراب میں سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی بحالی کے لیے این آر ایس پی (NRSP) کی ٹیم عملی میدان میں سرگرم ہے حالیہ سروے کے بعد مستحق اور متاثرہ افراد کے لیے منظور شدہ رہائشی مکانات کی تعمیر کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے، جس سے متاثرین میں ایک نئی امید کی کرن پیدا ہوئی ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوراب سلمان علی آغا اور تحصیلدار محمود کرد نے فیتہ کاٹ کر باقاعدہ افتتاح کرتے ہوئے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا اس موقع پر ڈسٹرکٹ منیجر این آر ایس پی اشرف دین اور پروجیکٹ انجینئر ثناءاللہ مینگل اور بصیر بلوچ بھی موجود تھے۔ افتتاح کے دوران انہوں نے عزم کا اظہار کیا کہ سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی مکمل بحالی تک امدادی سرگرمیاں جاری رہیں گی۔ Project NRSP HRU-IFRAP Lot# 3 کامیابی کے ساتھ شروع کر دیا گیا ہے۔

انتہا پسندی کے تدارک کے لیے تمام طبقات کو مل کر کام کرنا ہوگا، محمد اشتیاق

استا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کی احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر استا محمد محمد رمضان اشتیاق کی زیر صدارت انتہا پسندی کی روک تھام اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے سلسلے میں ایک اہم سیمینار منعقد ہوا ... سیمینار کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ ضلع استا محمد میں پائیدار امن کے قیام اور انتہا پسندی کے مکمل خاتمے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور عوام باہمی تعاون سے مشترکہ حکمت عملی پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں گے۔

بھاگ و گرد و نواح میں رمضان المبارک سے قبل مہنگائی کا بازار گرم

پسماندہ علاقہ ہے رہائشی آبادی مزدور اور متوسط طبقے پر محیط ہے، عوامی حلقے

بھاگ ناڑی (اے این این) بھاگ و گرد و نواح میں رمضان المبارک سے قبل مہنگائی کا بازار گرم ہے آٹا چینی سمیت ماہ صیام میں زیادہ استعمال ہونے والے مشروب جام شیریں سمیت دیگر مشروب پچھلے سال کی نسبت 50 سے 100 سو روپے مہنگے فی کلو آٹے کی قیمت 150 تک پہنچ گئی حکمرانوں نے متوسط طبقے سے دو وقت کا نوالہ چھین لیا ... شہریوں نے حکام سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھاگ ناڑی پسماندہ علاقہ ہے رہائشی آبادی مزدور اور متوسط طبقے پر محیط ہے آمدن کے ذرائع محدود ہیں پسماندہ علاقے کیلئے اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں کمی لائی جائے اور رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں حقیقی رمضان سستا بازار لگایا جائے تاکہ عوام سستی اشیاء خرید سکیں ...

اسسٹنٹ کمشنر لورالائی کا میٹرک امتحانات کے مختلف امتحانی سینٹرز کا دورہ

لورالائی (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا وژن پڑھا لکھا بلوچستان پھولے پھلے بلوچستان امتحانات میں بوٹی مافیا اور نقل پر مکمل پابندی کے احکامات کی روشنی میں کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ، ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے میٹرک کے جاری امتحانات کے سلسلے میں مختلف سیکل اور فی میل امتحانی سینٹرز جن میں ماڈل ہائی اسکول ... نہ صرف میرٹ کی پامالی کا خاتمہ ہوگا بلکہ تعلیم کے میدان میں بلوچستان ایک معیاری اور بہترین پوزیشن پر پہنچ جائے گا ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ نے کہا کہ امتحانات میں امیدوار کے بجائے جعلی امیدوار اور نقل پر مکمل پابندی ہے۔

نصیر آباد: ڈی ای او عبد الحفیظ کھوسہ منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت حکومتی پالیسی کے مطابق مکمل کیے جائیں، ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد

عوامی مفاد کے منصوبوں میں کسی قسم کی کوتاہی، غیر ضروری تاخیر یا ناقص کام ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، محمد رمضان

عوامی مفاد کے منصوبوں میں کوتاہی، غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، ذمہ داران کے خلاف کارروائی ہوگی

استا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمیٹی اور ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے علیحدہ علیحدہ اہم اور جامع اجلاس منعقد ہوئے۔ اجلاسوں میں ایس ایس پی استا محمد غلام حسین باجوئی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد اسماعیل لاشاری، اسسٹنٹ کمشنر استا محمد محمد رمضان اشتیاق، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شاہ بخش چدرانی، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے افسران اور دیگر تمام ضلعی محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاسوں میں ضلع میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، جاری ترقیاتی منصوبوں کی رفتار اور بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشیٹو (BSDI) فیز ون اور فیز ٹو کے تحت مکمل اور زیر تکمیل اسکیمات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ... ترقیاتی اسکیمات کی منظوری بھی دی گئی، جن کا مقصد ضلع میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، تعلیم و صحت کے شعبوں کی بہتری، پینے کے صاف پانی کی دستیابی اور انفراسٹرکچر کی مضبوطی کو یقینی بنانا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشیٹو (BSDI) ...

اوستہ محمد، پبلک ہیلتھ لیبر یونین کی جانب سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد

اوستہ محمد (نامہ نگار) پبلک ہیلتھ لیبر یونین اوستہ محمد کی جانب سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں چیف گیسٹ بلوچستان لیبر فیڈریشن کے ضلعی صدر محمد پناہ جبکہ مہمان خصوصی ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ شکراللہ بلوچ تھے۔ تقریب کے دوران پبلک ہیلتھ لیبر یونین کی نو منتخب کابینہ کے عہدیداران صدر غلام عباس جمالی جنرل سیکرٹری غلام مصطفیٰ ... کو پھولوں کا ہار پہنا کر مبارکباد پیش کی گئی۔

تحصیل گدر میں میٹرک کے سالانہ امتحانات منظم انداز میں جاری

امتحانی مراکز میں نظم و ضبط برقرار رکھنے کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں

گدر (آن لائن) بلوچستان کے دیگر اضلاع کی طرح ضلع شہید سکندر آباد سوراب کی تحصیل گدر گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول ہتھیاری میں بھی میٹرک کے سالانہ امتحانات کا انعقاد پرامن اور منظم انداز میں جاری ہے، امتحانی مراکز میں نظم و ضبط برقرار رکھنے کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں ... ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن وشت گوران نے امتحانی مراکز کا تفصیلی جائزہ لیا انہوں نے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ماحول کو بہتر، شفاف اور پرامن قرار دیا۔ افسران کا کہنا تھا کہ شفاف امتحانات کا انعقاد محکمہ تعلیم کی اولین ترجیح ہے اور کسی بھی قسم کی بے ضابطگی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی ...

بقیہ 1 — عطا تارڑ

ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے وکیل کو کہا گیا وہ اپنے کلائنٹ کی رپورٹ بنائیں، قانون کی حکمرانی کی اس سے بڑی مثال کیا ہوسکتی ہے؟ طلال چوہدری نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی بینائی کی کیا پوزیشن ہے یہ فیصلہ وکیل نہیں ڈاکٹرز کریں گے، وکیل فیصلہ نہیں کرسکتا کہ ان کی آنکھ کتنی ٹھیک ہے یا کتنی خراب، کوئی ماہر ڈاکٹر اس کا فیصلہ کرے گا اور ماہر ڈاکٹر کو بھیج دیا گیا ہے۔ وزیر مملکت داخلہ نے کہا کہ جو حکومت کہتی تھی آج اس کی ہر بات کی تصدیق ہوئی ہے، بانی پی ٹی آئی کو علاج کی سہولت مل رہی ہے، ان کو بروقت ہر چیز مہیا کی جاتی ہے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی ایشو اس لیے بنا رہی ہے ان کے پاس اب اور کوئی کارڈ نہیں رہا، پی ٹی آئی اب ہمدردی کارڈ کھیل رہی ہے، 8 فروری کے احتجاج میں ناکامی کے بعد یہ بانی پی ٹی آئی کی صحت کے پیچھے چھپنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہمارے سیاسی مخالف ہیں، ذاتی نہیں، ہم نے بھی یہ نہیں کہا کہ اے سی نکالیں گے، کھانا نہیں لانے دیں گے، بانی پی ٹی آئی کو ہر وہ حق ملنا چاہیے جو قانون میں دیا گیا ہے۔

بقیہ 2 — بنگلہ دیش انتخابات

کے مقامی میڈیا کے مطابق طلبا تحریک کے نتیجے میں حسینہ واجد کے طویل آمرانہ دور کے خاتمے اور بھارت فرار ہونے کے بعد قائم ہونے والی عبوری حکومت نے الیکشن کرانے کا وعدہ پورا کردیا۔ ملک بھر میں ہونے والے انتخابات مجموعی طور پر پرامن اور شفاف رہے، جس میں اب تک کسی کی جانب سے دھاندلی کے الزامات سامنے نہیں آئے ہیں تاہم حسینہ واجد کی جماعت عوامی لیگ پابندی کے باعث الیکشن میں حصہ نہ لے سکی۔ اب تک کے غیر مصدقہ، غیر سرکاری اور غیر حتمی نتائج میں سابق وزیراعظم مرحومہ خالدہ ضیا کی جماعت بنگلا دیش نیشنلسٹ پارٹی سب سے آگے ہے۔ والدہ کے حال ہی میں انتقال کے بعد بنگلا دیش نیشنلسٹ پارٹی کی قیادت خالدہ ضیا کے بیٹے طارق رحمان کر رہے ہیں۔ ابتدائی گنتی میں بی این پی 50 نشستوں پر برتری حاصل ہے جب کہ جماعت اسلامی 18 نشستوں پر برتری کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔ البتہ دیگر جماعتوں اور آزاد امیدواروں کی نشستیں یا پوزیشن ابھی تک واضح طور پر مکمل طور پر رپورٹ نہیں ہوئے ہیں۔ یاد رہے کہ بنگلا دیش میں 300 براہ راست منتخب نشستوں میں سے 151 سیٹوں پر کامیابی حاصل کرنے والی جماعت حکومت بنائے گی۔ ایک نشست پر الیکشن ملتوی ہوئے ہیں۔ بنگلا دیش کے 13 ویں قومی پارلیمانی انتخابات میں پولنگ کو مکمل ہونے کے بعد ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ یہ انتخابات طلبہ کی قیادت میں چلنے والی اس تحریک کے 18 ماہ بعد ہو رہے ہیں جس کے نتیجے میں دو دہائیوں پر محیط شیخ حسینہ کے اقتدار کا خاتمہ ہوا تھا۔ انتخابات میں زیادہ سے زیادہ نشستیں حاصل کرنے کے لیے بنگلا دیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی) اور بنگلا دیش جماعت اسلامی کی قیادت میں قائم اتحادوں کے درمیان سخت مقابلہ متوقع ہے۔ بنگلا دیش میں ماضی کے انتخابات میں غیر سرکاری نتائج عموماً اگلی صبح سامنے آنا شروع ہو جاتے تھے۔ تاہم بنگلا دیش الیکشن کمیشن کے حکام کے مطابق اس بار ووٹوں کی گنتی میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے کیونکہ اس میں سفید رنگ کے پارلیمانی بیلٹ پیپر کے ساتھ ساتھ جولائی کے قومی چارٹر سے متعلق ریفرنڈم کے لیے گلابی بیلٹ پیپر بھی شامل ہیں، اس کے علاوہ اس بار سیاسی جماعتوں اور امیدواروں کی تعداد بھی زیادہ ہے۔ بنگلا دیش کے الیکشن کمیشن نے ملک بھر کی مساجد میں کل جمعہ کی نماز کے بعد امن، خوشحالی اور مسلسل ترقی کے لیے خصوصی دعاؤں کی اپیل کی ہے۔ الیکشن کمیشن نے دیگر مذاہب کی عبادت گاہوں سے بھی درخواست کی ہے کہ وہ مناسب اوقات میں دعائیہ اجتماعات کا اہتمام کریں۔ الیکشن کمیشن کے بیان میں سیاسی جماعتوں، امیدواروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں، انتخابی عملے، مبصرین، صحافیوں اور ووٹرز کا شکریہ ادا کیا ہے کہ انہوں نے ایک آزاد، منصفانہ اور غیر جانبدار انتخابی ماحول برقرار رکھنے میں تعاون کیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق ملک کے 64 اضلاع میں قائم 42 ہزار 761 پولنگ اسٹیشنز پر 300 میں سے 299 پارلیمانی حلقوں کے لیے ووٹنگ ہوئی۔ خواتین کی نمائندگی کے لیے 50 مخصوص نشستیں مختص ہیں، جو تناسبی نمائندگی کی بنیاد پر تقسیم کی جاتی ہیں۔

بقیہ 3 — رپورٹ پیش

صرف 15 فیصد ہے، رپورٹ میں فوری آنکھ کے معائنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ بانی پی ٹی آئی کی صحت اور جیل سہولیات سے متعلق فرینڈ آف کورٹ بیرسٹر سلمان صفدر کی رپورٹ سامنے آگئی، جس میں کہا گیا ہے کہ ان کا طبی معائنہ ذاتی ڈاکٹر فیصل سلطان، ڈاکٹر عاصم یوسف یا کسی ماہر ڈاکٹر سے بھی کرایا جا سکتا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ بانی کی ایک آنکھ کی بینائی 15 فیصد تک ہے جس کا علاج پمز کے ڈاکٹرز نے کیا، تقریباً 3 سے 4 ماہ قبل یعنی اکتوبر 2025 تک ان کی دونوں آنکھوں کی بینائی 6×6 (بالکل نارمل) تھی، اس کے بعد بانی پی ٹی آئی کو مسلسل دھندلاہٹ اور نظر کے مدھم ہونے کی شکایت شروع ہوئی، متعدد بار اس وقت کے سپرنٹنڈنٹ جیل کو مسلسل دھندلاہٹ اور نظر کے مدھم ہونے کی شکایت سے آگاہ کیا، جیل حکام کی جانب سے ان شکایات کے ازالے کے لیے کوئی مؤثر اقدام نہیں کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق بعد ازاں اچانک بانی پی ٹی آئی کی دائیں آنکھ کی بینائی مکمل ختم ہوگئی، جس کے بعد پمز ہسپتال کے ماہر امراض چشم ڈاکٹر محمد عارف کو معائنہ کے لیے بلایا گیا، ان کی آنکھ میں خون کا لوتھڑا (کلاٹ) بن گیا تھا جس نے شدید نقصان پہنچایا، علاج (بشمول ایک انجیکشن) کے باوجود ان کی دائیں آنکھ کی بینائی محض 15 فیصد تک محدود رہ گئی۔ رپورٹ میں سفارش کی گئی ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی قید تنہائی اور ٹی وی تک رسائی نہ ہونے کی وجہ سے انہیں کتابیں فراہم کی جائیں، حفاظت اور سیکیورٹی کے حوالے سے انہوں نے کوئی تشویش ظاہر نہیں کی۔ رپورٹ کے مطابق بانی پی ٹی آئی نے بتایا کہ ان کے زیر استعمال کمپاؤنڈ میں تقریباً 10 سی سی ٹی وی کیمرے نصب ہیں، ایک کیمرے کی کوریج غسل خانے تک ہے، لیکن کمرے یا سیل کے اندر کوئی کیمرہ نہیں ہے، کمپاؤنڈ کے باہر اور اطراف کے تمام علاقے مسلسل نگرانی میں ہیں، مجموعی طور پر انہوں نے اپنی حفاظت اور سیکیورٹی کے بارے میں کوئی خدشہ ظاہر نہیں کیا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ روزمرہ معمولات کے مطابق بانی پی ٹی آئی صبح تقریباً 9:45 بجے ناشتہ کرتے ہیں، 11:30 بجے سے تقریباً ایک گھنٹے تک قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہیں اور پھر محدود ورزش کے آلات استعمال کرتے ہیں جس میں ایک ایکسرسائز بائیک اور دو 9 کلوگرام وزنی ڈمبل شامل ہیں۔ دوپہر ایک بجکر پندرہ منٹ پر غسل کے بعد انہیں کمپاؤنڈ کے چہل قدمی کے شیڈ تک رسائی دی جاتی ہے، جہاں وہ بیٹھ سکتے ہیں یا چہل قدمی کر سکتے ہیں، دوپہر کا کھانا تقریباً ساڑھے تین سے چار بجے کے درمیان ہوتا ہے، شام پانچ بجے انہیں دوبارہ مختصر چہل قدمی کی اجازت دی جاتی ہے، تقریباً شام ساڑھے پانچ بجے سے اگلی صبح دس بجے تک وہ اپنے سیل میں رہتے ہیں۔ سیل بلاک اڈیالہ جیل کے اندر تقریباً 5 منٹ کی پیدل مسافت پر واقع ہے، احاطہ مخصوص اور اضافی حفاظتی اقدامات کے تحت بنایا گیا ہے، احاطے کی بیرونی دیواریں 12 فٹ بلند ہیں اور خاردار تار نصب ہے۔

بقیہ 4 — عراق

الیان نامی نوجوانوں کا تعلق سابتہ اور ملکانوالہ سے ہے جبکہ 4 جاں بحق ہونے والوں نوجوانوں کا تعلق گوجرانوالہ سے ہے۔ لواحقین نے بتایا ہے کہ جاں بحق ہونے والوں کی عمریں 17 سے 25 سال تک ہیں، انسانی سمگلر نے نوجوانوں کو سبز باغ دکھا کر تیار کیا تھا، نوجوان بغیر پاسپورٹ ڈیڑھ ماہ قبل عراق جانے کے لیے روانہ ہوئے تاہم دونوں نوجوان اپنے والدین کے اکلوتے بیٹے تھے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ جاں بحق نوجوانوں کا لواحقین سے آخری رابطہ 19 دسمبر کو ہوا۔

بقیہ 5 — وزیراعلی

رکھتے ہوئے فیصلے کرتی ہے اور کسی بھی ضلع کی حیثیت سے متعلق کوئی قدم مقامی نمائندوں اور عوام کو اعتماد میں لیے بغیر نہیں اٹھایا جائے گا انہوں نے کہا کہ ضلع شیرانی میں ایک عرصہ سے بعض انتظامی افسران کی عدم موجودگی کے حوالے سے اعلی سطحی بات چیت میں غور کیا گیا اور انتظامی ہیڈ کوارٹر کے تعین سے متعلق امور زیر بحث آئے اس ضمن میں ضلع شیرانی کے حوالے سے اگر کسی قسم کے ابہام یا خدشات موجود ہیں تو انہیں باہمی مشاورت اور مکالمے کے ذریعے دور کیا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اس معاملے پر ضلع شیرانی کے مقامی رکن صوبائی اسمبلی، علاقائی عمائدین، عوام اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ایک اور تفصیلی نشست منعقد کی جائے گی تاکہ انتظامی امور کا جامع جائزہ لے کر انہیں مزید مؤثر اور بہتر بنایا جاسکے انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد انتظامی ڈھانچے کو مستحکم کرنا اور عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنا ہے وزیر اعلی نے اپنے خطاب میں اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے تمام اضلاع کی متوازن ترقی، استحکام اور مؤثر حکمرانی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت صوبے کے ہر خطے کو یکساں اہمیت دیتی ہے اور عوام کے اعتماد کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا وزیراعلی نے ضلع ژوب آمد پر عوام اور قبائلی عمائدین کی جانب سے پرتپاک استقبال پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی محبت اور اعتماد ان کے لیے باعث فخر ہے

بقیہ 6 — پی ٹی آئی

کچھ بھلا کر آگے بڑھیں۔ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا (کے پی) سہیل آفریدی، رہنما سلمان اکرم راجا، جنید اکبر، شفیع جان اور پی ٹی آئی کے دیگر رہنماؤں نے پریس کانفرنس کی، اس موقع پر صدر پی ٹی آئی خیبرپختونخوا جنید اکبر نے کہا کہ عمران خان نے کبھی اپنی بیماری کا ذکر نہیں کیا سب سے پہلے ہمارے لیے عمران خان کی صحت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ایک رکن قومی اسمبلی عادل بزائی کو لیفوما ہوگیا ہے، ڈاکٹروں نے کہا ہے کہ ان کا علاج باہر ہوگا، میں آج بھی دو وفاقی وزرا سے بھی ملا ہوں لیکن ان کے ہاتھ بندھے ہیں، آپ سب لوگوں کو پتا ہے کہ ان سب کے پیچھے کون ہے؟ ان کا کہنا تھا کہ آپ ہمیں ننگا کریں، ہمارے خلاف ایف آئی آر درج کرائیں، اس سے ہمارے دل میں آپ کے لیے نفرت بڑھے گی، ہم آپ سے نفرت کرتے ہیں، ہمیں آپ کی نفلوں کے پیچھے لگا میں گے۔ جنید اکبر نے کہا کہ ایجنسیز اداروں کا یہ کام نہیں ہے کہ اس کو اٹھا، اس کو اٹھا، آپ کا کام ہمیں تحفظ فراہم کرنا ہے، سب کو پتا ہے جو تصویریں کو ہم پر کس نے مسلط کیا ہے، میں پرواہ نہیں کرتا ہوں لیکن یہ نہیں ہوسکتا کہ آپ کا رویہ ہمارے ساتھ ایسا ہو۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت تک میں آپ سے محبت نہیں کرسکتا جب تک آپ اپنا رویہ تبدیل نہ کریں، میں آواز اٹھاتا ہوں تو اٹھایا جاتا ہوں، ہم گالیاں کھاتے ہیں کیونکہ میں نہیں چاہتا کہ میرے ورکر اداروں سے لڑیں، جس دن ہم اپنے ورکر کے آگے سے ہٹ گئے اس دن یہ آپ کو چھوڑیں گے نہیں، جس دن اجازت کے بغیر یہ ورکر نکل آئے تو آپ کو بھاگنے نہیں دیں گے۔

بقیہ 7 — ملاقات کی اجازت

، امتیاز شیخ اور مشرف آفریدی، اظہر خان، اویس یونس واپس روانہ ہوگئے۔ ایم پی اے عبدالسلام آفریدی نے دیگر رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم عدالتی احکامات پر ملاقات کیلئے اڈیالہ جیل آتے ہیں۔ پنجاب پولیس نہ کسی قانون کو مانتی ہے نہ آئین کو مانتی ہے۔ پارلیمنٹیرینز کو بھی جیل کی طرف جانے سے روک دیتے ہیں۔

بقیہ 8 — آئی ایس پی آر

چیف جنرل قمر جاوید باجوہ، نشان امتیاز (ملٹری) ریٹائرڈ کی صحت بارے اپڈیٹ جاری کی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ سابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کو اپنی رہائش گاہ پر گرنے کی وجہ سے چوٹ آئی۔ وہ اس وقت CMH میں زیر علاج ہیں۔ واضح رہے کہ بعض خبریں آئی تھیں کہ جنرل باجوہ کو گھر منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ 9 — مشاورت

مرکزی رہنما بھی موجود تھے، جس میں ملک کی مجموعی سیاسی معاشی اور سلامتی کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اہم قومی اور داخلی سلامتی کے امور پر بھی بات چیت کی گئی اور آزاد کشمیر کے نئے صدر کے انتخاب پر بھی مشاورت ہوئی۔ ذرائع نے بتایا کہ اس موقع پر غزہ امن بورڈ اور پاکستان کے نکتہ نظر پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 10 — ترسیلی نقصانات

کراتے ہوئے بتایا کہ ملک بھر کے 12 ہزار 665 فیڈرز میں سے 2 ہزار 223 فیڈرز پر 10 گھنٹے سے زائد لوڈشیڈنگ ہوئی، کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی کے 814 میں سے 604 فیڈرز پر 10 گھنٹے سے زائد لوڈشیڈنگ ہے۔

بقیہ 11 — خصوصی الاؤنس

کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق اس ترمیم کے تحت ایڈیشنل اٹارنی جنرل کیلئے سپیشل ایڈیشنل اے جی الاؤنس متعارف کرایا گیا ہے جو اسسٹنٹ اٹارنی جنرل کے طور پر دس سال یا اس سے زیادہ عرصہ خدمت انجام دینے والے افسران کیلئے ہوگا۔

بقیہ 12 — وزیراعظم

سے ترکیہ کی زرعی ٹیکنالوجیز کلسٹر (TUME) کے بورڈ چیئرمین عبدالقادر قاراگوز (Abdulkadir Karagz) کی سربراہی میں 4 رکنی وفد نے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے ترکیہ سمیت دیگر ممالک میں جدید ٹیکنالوجی اور زرعی ماہرین کی بدولت زرعی شعبے میں جدت سے مستفید ہونے کے لیے باہمی تعاون کو بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیراعظم نے زراعت کے شعبے میں پاکستان کے بے شمار وسائل اور صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے جامع حکمت عملی اور دوست ممالک کے درمیان باہمی تعاون کی ضرورت کو بھی اجاگر کیا۔

بقیہ 13 — وزیر ریلوے

بطور سیاستدان وہ ان کی عزت کرتے تھے لیکن فوج کا مذاق بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری افواج نے ہمیشہ ملک کے دفاع میں قربانیاں دی ہیں اور پوری قوم اپنی فوج کے ساتھ کھڑی ہے۔ حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں 10 مئی کی جنگ جیتنے کے بعد ملک کو سب سے زیادہ عزت ملی۔

بقیہ 14 — چیف جسٹس

کہا کہ فرینڈ آف کورٹ کے کردار کو سراہتے ہیں، بیرسٹر سلمان صفدر نے بخوبی ذمہ داری نبھائی، حکومت کو بھی بہترین سہولیات فراہمی پر سراہتے ہیں۔ سلمان صفدر نے کہا کہ رپورٹ سے متعلق مجھے 100 سے زائد کالز اور میسجز آئے، جن میں میری اہلیہ بھی تھی، میں نے کہا کہ یہ کورٹ کی امانت ہے میں نہیں بتا سکتا۔

بقیہ 15 — سپریم کورٹ

فون تک سہولت دینے کا حکم دیا ہے تاہم فیملی ممبر کی موجودگی میں عمران خان کی طبی معائنہ کروانے کی سفارش کو مسترد کردیا گیا۔ جمعرات کو توشہ خانہ کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت اور ان کو جیل میں سہولتوں سے متعلق اٹک سے دائر کی جانے والی درخواست کی سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس یحیٰی آفریدی اور جسٹس شاہد بلال پر مشتمل دو رکنی بینچ نے سماعت کی۔ بیرسٹر سلمان صفدر اور اٹارنی جنرل عدالت میں پیش ہوئے۔ بیرسٹر سلمان صفدر نے سپریم کورٹ میں ایک رپورٹ پڑھ کر سنائی جس میں بانی پی ٹی آئی نے جیل میں حفاظتی اقدامات اور کھانے پینے کی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ چیف جسٹس سپریم کورٹ یحیٰی آفریدی نے کہا کہ ہم اس پر مناسب آرڈر کریں گے، رپورٹ میں پیش کی گئی دیگر سفارشات کو خود دیکھیں گے، اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے تک یہ معاملہ زیر التوا رکھیں گے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت کے معاملے پر فیصلہ محفوظ کر رہے ہیں، بانی کی صحت کے معاملے پر مناسب فیصلہ دیں گے، صحت کا مسئلہ سب سے اہم ہے، صحت کے معاملے پر مداخلت کی ضرورت ہے، صحت کے معاملے پر حکومت کا موقف جاننا چاہتے ہیں۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ صحت کی سہولیات فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، اگر قیدی مطمئن نہیں تو ریاست اقدامات کرے گی، بچوں سے ٹیلی فون کال کا ایشو بھی اہم ہے، ہم حکومت پر اعتماد کر رہے ہیں، آج حکومت اچھے موڈ میں ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ بیرسٹر سلمان صفدر نے بخوبی ذمہ داری فریضہ ادا کیا، فرینڈ آف دی کورٹ کے کردار کو سراہتے ہیں، حکومت کو بھی بہترین سہولیات فراہمی پر سراہتے ہیں، بیرسٹر سلمان نے کہا کہ مجھے سو سے زائد کالز اور میسجز آئے، میں نے کہا یہ کورٹ کی امانت ہے میں نہیں بتا سکتا، یہاں تک کہ اپنی بیوی کو بھی نہیں بتایا۔ عدالت نے عمران خان کی آنکھ کا معائنہ کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ معائنے کے لیے ڈاکٹرز کی ٹیم تشکیل دی جائے گی، دونوں اقدامات 16 فروری سے پہلے کیے جائیں گے۔ جسٹس کا کہنا تھا کہ چیف جسٹس نے کہا کہ فرینڈ آف دی کورٹ اور جیل سپرنٹنڈنٹ کی رپورٹس ایک جیسی ہیں۔ بعد ازاں عدالت نے عمران خان کو ان کے بچوں سے قاسم اور سلیمان سے ٹیلی فونک رابطوں کی سہولت دینے کا بھی حکم دیا۔ اٹارنی جنرل نے عدالتی ہدایات پر عملدرآمد کی یقین دہانی کرادی۔

بقیہ 16 — منظور کرلیا

کیا۔ جمعرات کو سینٹ اجلاس کے دوران پاکستان کی شہریت ایکٹ 1951 میں ترامیم کے حوالے سے بل وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے ایوان میں پیش کیا یہ بل قومی اسمبلی میں بھی منظور ہو چکا تھا۔

بقیہ 17 — ٹکٹیں فروخت

طرح تماشائیوں کی بے انتہا دلچسپی نظر آرہی ہے۔ اس دلچسپی کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ گراؤنڈ کی تمام ٹکٹس فروخت ہوچکی ہیں اور ایرلائنز نے ٹکٹس کی قیمتیں بھی بڑھا دی ہیں۔ دونوں ٹیمیں ورلڈکپ کی ابتدا سے قبل ہی بین الاقوامی خبروں میں تھیں، جس کی وجہ بنگلہ دیش کے معاملے پر پاکستان کا انڈیا سے میچ کھیلنے سے انکار تھا۔ تاہم بعد میں سری لنکا، بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ اور انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے پاکستان کو انڈیا کے خلاف میچ کھیلنے کے لیے قائل کرلیا۔

بقیہ 18 — وزیر پیٹرولیم

وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے قومی اسمبلی میں تحریری جواب جمع کرا دیا، تحریری جواب کے مطابق موجودہ حکومت کے دوران تیل اور گیس کے 40 ذخائر دریافت ہوئے، جن میں سے 18 نئے ذخائر کو کارآمد بنایا گیا ہے۔

بقیہ 19 — خلا میں لانچ

سیٹلائٹ کو چین کے یانگ جیانگ سی شور سینٹر سے خلا میں لانچ کیا جائے گا۔ ترجمان نے بتایا کہ یہ سیٹلائٹ پاکستان کی زمین کے مشاہدے اور امیجنگ کی صلاحیت بڑھائے گا۔

بقیہ 20 — دھرنے کا اعلان

دھرنا دے گی، جس کیلئے تمام ممبران قومی وصوبائی اسمبلی کو پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد پہنچنے کی ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔

بقیہ 21 — علیمہ خان

خان کے لیے کچھ نہیں کرسکے، عبدالغفور انجم کو بار بار کہا تو اس سپرنٹ جیل نے کچھ نہیں کیا، عمران خان کے اوپر 10، 10 کیمرے لگے ہیں اور ان کو پتا نہیں چلا کہ عمران خان کی نظر ختم ہوگئی ہے؟ اس غفور انجم کو معافی نہیں ہے کیونکہ یہ مجبور تھا، عمران خان نے کہا تھا سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل پر کرمنل کیس ہونا چاہیے۔

بقیہ 22 — سربجیت کور

پاکستان میں ہی خوشی خوشی گزارنا چاہتی ہیں اور وہ پاکستان آنے کے اپنے فیصلے پر خوش ہیں۔ وسطی پنجاب کے ضلع شیخوپورہ میں اپنے وکیل احمد حسن پاشا کے چیمبر میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے سربجیت کور (نور فاطمہ) کا مزید کہنا تھا کہ میں اور ناصر سچا پیار کرتے ہیں، اگر آپ سچا پیار کرتے ہیں تو آپ کو یقین ہوتا ہے کہ آپ ملیں گے، ہمیں پیار کرتے ہوئے ایک سال ہوگیا ہے اور یہ یقین تھا کہ ہم دونوں ضرور ملیں گے۔

بقیہ 23 — منشیات برآمد

کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 70 لاکھ روپے زائد مالیت کی 78.24 کلو منشیات برآمد کرلیں۔ اے این ایف ترجمان کے مطابق گزشتہ روز اے این ایف کے عملے نے ملک بھر کی طرح کوئٹہ اور بلوچستان میں پشین میں ہوٹل کے قریب کارروائی کرتے ہوئے گاڑی سے 48 کلو چرس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ 24 — دفتر خارجہ

تجارتی معاہدے کو مزید وسیع کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق قازقستان کے صدر نے بھی پاکستان کا دورہ کیا اور وزیراعظم وصدر مملکت سے ملاقاتیں کیں۔ سیکیورٹی اور دفاعی امور پر گفتگو ہوئی اور جائنٹ ملٹری ایکسرسائز پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں ممالک نے دوطرفہ تجارتی حجم کو 1 ارب ڈالر تک لے جانے پر اتفاق کیا۔ ترجمان نے بتایا کہ اسحاق ڈار نے آذربائیجان کے اکنامک منسٹر سے رابطہ کیا جبکہ ایران کے وزیر خارجہ سے اسحاق ڈار کی دومرتبہ گفتگو ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی قانونی ٹیم نے ہیگ میں عالمی ثالثی عدالت کی سماعت میں شرکت کی۔ بھارت کو عالمی ثالثی عدالت نے سندھ طاس معاہدے کے تحت شرکت کی دعوت دی تھی اور بھارت اس سماعت میں شرکت کا پابند تھا۔ پاکستان نے تجدید کی کہ فریقین پر سندھ طاس معاہدے کی پابندی ضروری ہے۔

بقیہ 25 — نیا موڑ

کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ فریقین نے اس بات پر زور دیا کہ بدلتے ہوئے عالمی تناظر میں پاکستان اور روس کے درمیان مضبوط تعلقات خطے کے استحکام کے لیے ناگزیر ہیں۔ ملاقات میں مستقبل قریب میں ہونے والے اعلیٰ سطح کے وفود کے دوروں کے حوالے سے بھی مشاورت کی گئی۔

بقیہ 26 — علامہ ناصر عباس

۔ پریذائیڈنگ افسر سینیٹر وقار مہدی کی زیر صدارت سینیٹ کا اجلاس ہوا۔ اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے ایوان کے معمول کے ایجنڈے کی کارروائی کو معطل کرنے کی درخواست کی اور کہا کہ ہم بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت سے متعلق بات چیت کرنا چاہتے ہیں، ایوان کی کارروائی کو معطل کیا جائے، بانی پی ٹی آئی نے سپرنٹنڈنٹ جیل کو اس صورتحال کے بارے میں بتایا تین ماہ تک ان کی اس بیماری پر کچھ نہیں کیا گیا جس کے بعد بانی پی ٹی آئی کی ایک آنکھ کی بینائی بالکل چلی گئی۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو پمز ہسپتال میں اس ڈاکٹر سے علاج کروایا جو اس مرض کا ڈاکٹر نہیں تھا، ان کو پمز ہسپتال سے انجکشن لگوایا گیا، اس انجکشن کے بعد بھی بانی پی ٹی آئی کی ایک آنکھ کی 85 فیصد بینائی چلی گئی، انسان کی ایک آنکھ ضائع ہونے کی دیت فقہ میں آدھے انسان کی دیت کے برابر ہے، ان کی اس بیماری کی ذمہ دار حکومت وقت ہے، راولپنڈی اسلام آباد میں اس بیماری کے دو ہی ڈاکٹر ہیں ڈاکٹر عامر اور ڈاکٹر مظہر سہیل، ان سے علاج کروایا جائے، ان کی آنکھ کی اتنی بینائی چلی گئی یہ جرم ہوا ہے، اڈیالہ جیل پنجاب کی حدود میں آتا ہے، پنجاب حکومت ذمہ دار ہے، اس معاملے کی تحقیقات ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ظالم جو بھی ہو اس کے خلاف کھڑا ہونا چاہیے، کوئی انسان اسے جائز قرار نہیں دے سکتا، جو بھی اس جرم کے حق میں عذر لائے گا وہ بھی ظالم ہوگا، ملک میں قانون کی حکمرانی نہیں ہوگی تو ملک جنگل بن جائے گا۔

بقیہ 27 — گل اصغر

منصوبے بلوچستان میں جاری ہیں۔ جمعرات کو وقفہ سوالات کے دوران نعیمہ کشور اور عالیہ کامران کے سوال کے جواب میں گل اصغر خان نے کہا کہ صرف چمن کراچی موٹروے کے لئے 100 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں

بقیہ 28 — آرڈیننس نافذ

دی ہے۔ اس آرڈیننس کے تحت 18 سال سے کم عمر بچوں کی شادی مکمل طور پر ممنوع ہوگی اور خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 29 — علی محمد خان

کورٹ کی رپورٹ پر فوری عملدرآمد کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ جمعرات کو پارلیمنٹ ہاؤس میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رکن قومی اسمبلی علی محمد خان نے عمران خان کی صحت پر شدید تشویش کا اظہار کیا اور الزام عائد کیا کہ حکومت نے آنکھ، دانتوں اور کانوں کے مسائل کو نظر انداز کیا۔

بقیہ 30 — رانا ثنااللہ

نہیں ہونی چاہیے۔ جمعرات کو سینٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وکیل سلمان صفدر کی جانب سے سپریم کورٹ میں پیش کی گئی رپورٹ میں جیل کی تمام سہولتوں کا تفصیلی ذکر موجود ہے جس سے قید تنہائی کے بیانیے کی نفی ہوتی ہے۔

بقیہ 31 — تحقیقات شروع

نے بتایا کہ یہ بلیک شیر بیماری کا شکار تھے اور پارک میں موجود کم شیر معذوری کا شکار بھی تھے۔ انہوں نے کہا کہ جانوروں کے بہتر تحفظ کے لیے وائلڈ لائف ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دے رہی ہے تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہوسکے۔

بقیہ 32 — مشیر خزانہ

کاری بڑھا دی ہے۔ جمعرات کو سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ مالی سال 2026 کے پہلے سات ماہ کے دوران روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کے تحت خالص سرمایہ کاری 307 ملین ڈالر تک پہنچ گئی، جو سالانہ بنیادوں پر 106 فیصد اضافے کے ساتھ دوگنا سے بھی زیادہ ہے اور یہ رقوم زیادہ تر پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز اور ٹریژری بلز میں لگائی گئیں۔

بقیہ 33 — نیٹ میٹرنگ

گردشی قرضہ، بجلی چوری اور دیگر کا کیا تعلق ہے؟ نیٹ میٹرنگ سے ملک کی اشرافیہ فائدہ اٹھا رہی ہے، نئی ریگولیشن کا اثر زیادہ آمدنی والے لوگوں پر پڑے گا۔

بقیہ 34 — پیو اسکیم

الیکٹرک بائیکس تقسیم کی جائیں گی، پہلے مرحلے میں 41 ہزار الیکٹرک گاڑیاں حاصل کرنے والوں کو سبسڈی کی منتقلی جاری ہے جس میں 40 ہزار الیکٹرک بائیکس، 1 ہزار رکشے اور لوڈر شامل ہیں، دوسرے مرحلے میں 78 ہزار سے زائد الیکٹرک گاڑیوں پر سبسڈی دی جائے گی۔

بقیہ 35 — سردار کھیتران

عمائدین اور شہریوں کی بڑی تعداد شریک تھی۔ اس موقع پر امن و امان کی مجموعی صورتحال، جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، تعلیمی سرگرمیوں کے فروغ اور عوامی شکایات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ صوبائی وزیر نے واضح ہدایات جاری کیں کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام محکمے اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں۔

بقیہ 36 — بسنت میلہ

بسنت میلہ شروع ہوگا۔ بازاروں میں رنگ برنگی پتنگوں، مضبوط ڈور، پیلے لباس اور بسنت کی دیگر اشیا کی خریداری عروج پر پہنچ گئی ہے۔ گورت سنگھ روڈ، پرنس روڈ، علمدار روڈ، کانسی روڈ، سرکی روڈ، جان محمد روڈ، سریاب روڈ، نواں کلی، بروری روڈ، جیل روڈ، لیاقت بازار اور دیگر علاقوں میں خریداری کا سلسلہ جاری ہے، جہاں لوگ پتنگوں کی نئی ڈیزائن دیکھ کر لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ آسمان جلد ہی رنگین پتنگوں سے بھر جانے کا امکان ہے جبکہ مختلف علاقوں میں مقامی ثقافتی پروگرام، موسیقی اور روایتی تقریبات کا اہتمام بھی کیا جا رہا ہے۔ کوئٹہ کے شہریوں کا کہنا ہے کہ یہ تہوار شہر میں تفریحی مواقع کی کمی کو پورا کرے گا۔

بقیہ 37 — وارنٹ گرفتاری

ایک مرتبہ پھر نا قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیے ہیں

بقیہ 38 — سہیل آفریدی

ہے، ان کی سرپرستی پنجاب کی جعلی حکومت کر رہی ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ بانی کو اس حد تک ٹارچر کیا گیا کہ اہل خانہ تک کو نہ بتایا گیا، یہ جعلی حکومت کی رپورٹ ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بینائی 15 فیصد تک آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی جعلی حکومت کی سرپرستی میں جو ہو رہا ہے اس سے ان کے عزائم کھل کر سامنے آرہے ہیں۔

بقیہ 39 — تنقید کا سامنا

کے توجہ دلاؤ نوٹس پر وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے پالیسی کی وضاحت دی، تاہم اپوزیشن اور حکومتی بنچز سے بھی سخت سوالات اٹھائے گئے۔ شرمیلا فاروقی نے کہا کہ چار لاکھ 66 ہزار شہریوں نے سولر انرجی پالیسی پر اعتماد کرتے ہوئے سرمایہ کاری کی اور گرین انرجی کو فروغ دیا، مگر اب پالیسی میں تبدیلی کر کے انہیں نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ "ہم نے سولر انرجی لگائی اور اب دھوکہ دیا جا رہا ہے، یہ ڈے لائٹ رابری ہے۔ اس اقدام سے عوام کو یہ پیغام جا رہا ہے کہ آئندہ حکومت کی کسی پالیسی پر اعتماد نہ کریں۔ انہوں نے پروٹیکٹڈ صارفین پر مجوزہ فکسڈ چارجز کو بھی ظلم قرار دیا۔

بقیہ 40 — ٹیکس محتسب

چارج شیٹ جاری کی جاتی ہے اور ماورائے قانون اقدامات کو قانونی دائرے میں لانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جاتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹریبونلز کے فیصلوں پر عملدرآمد بھی ادارے کی اہم ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ ٹیکس دہندگان کو درپیش مسائل کا خاتمہ ادارے کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کرپشن، رشوت ستانی، اقربا پروری، غفلت یا نااہلی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، اس موقع پر تاجر نمائندوں نے ڈیوٹی اور ٹیکس ادا کرنے کے باوجود مال بردار گاڑیوں کو روکنے، سالوں بعد مقدمات درج کرنے اور غیر ضروری وضاحتیں طلب کیے جانے پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وفاقی ٹیکس محتسب اس ضمن میں احکامات جاری کر کے تاجروں کو درپیش مشکلات کا ازالہ کریں گے۔ صدر چیمبر نے کہا کہ موجودہ دگرگوں معاشی حالات میں تاجر برادری پہلے ہی متعدد چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے، ایسے میں اضافی رکاوٹیں کاروباری سرگرمیوں کو متاثر کر رہی ہیں۔ ملاقات کے اختتام پر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے صدر اور دیگر عہدیداران نے وفاقی ٹیکس محتسب کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔

بقیہ 41 — پی کے نیپ

سانحے نے پوری قوم کو شدید غم و غصے اور اضطراب میں مبتلا کر دیا ہے۔ پارٹی اس امر پر بھی گہری تشویش کا اظہار کرتی ہے کہ اغوا کے بعد ورثا کی جانب سے اطلاع دینے کے باوجود صوبہ سندھ کے ضلع جامشورو اور ضلع حیدرآباد کے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی بروقت اور مؤثر کارروائی نہ کی گئی، جو قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ ایسے سنگین اور حساس معاملات میں تاخیر، غفلت اور غیر سنجیدگی ہرگز قابل قبول نہیں۔ چار بچوں کی ماں صابرہ بیگم، جو اپنے بچوں کے نان و نفقہ کے لیے محنت مزدوری کے ذریعے دو وقت کی حلال روزی کمانے کی جدوجہد کر رہی تھیں اور گھروں اور گلیوں میں کپڑے فروخت کرکے اپنا اور اپنے بچوں کا پیٹ پال رہی تھیں، ان کی کئی روز تک گمشدگی، بعد ازاں قتل اور مسخ شدہ لاش کی برآمدگی ریاستی اداروں کے کردار اور ذمہ داری پر سنگین سوالات اٹھاتی ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے بیان میں وفاقی اور حکومت سندھ سے پرزور مطالبہ کیا گیا ہے کہ ایف آئی آر میں نامزد تمام ملزمان کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔ کیس کو ترجیحی بنیادوں پر چلا کر ملزمان کو قرار واقعی سزا دی جائے تاکہ آئندہ کسی کو ایسی درندگی کی جرات نہ ہو۔

بقیہ 42 — پابندی ختم

جس پر خدائے داد آغا نے بتایا ہے کہ آٹے کی قیمتیں حال ہی میں جو بڑھی ہیں وہ دن بدن کم ہو رہے ہیں سپر آٹا 6800 روپے سے کم ہو کر 200 روپے کی کمی کیساتھ 6600 روپے 50 کلو پارسل مقرر کی گئی ہے، وی آئی پی آٹا 6900 روپے سے کم ہو کر 200 روپے کی کمی کیساتھ 6700 روپے فی بوری 50 کلو مقرر کی گئی آٹا 7000 روپے سے کم ہو کر 200 روپے کی کمی کیساتھ 6800 روپے 50 کلو پارسل مقرر کی گئی ہے، واضح رہے کہ وی آئی پی اور سپر آٹا تندور مالکان استعمال کرتے ہیں امید کی جاتی ہے کہ صوبائی حکومت پنجاب حکومت کیساتھ مذاکرات کرکے آٹے کی قیمتیں کم از کم فی پارسل 500 کلو 3000 روپے سے 2500 روپے پر لائی جائے تاکہ غریب پسماندہ صوبے کے عوام پیٹ بھر کر روٹی کھائی جاسکے اور تنخواہ دار و دیہاڑی دار طبقہ کی ضروریات زندگی کے اشیاء بھی خریدی جاسکے۔ شہریوں نے یہ بھی بتایا ہے کہ تندور مالکان کو آٹے پر پنجاب حکومت کی طرح سبسڈی سے کرروٹی کی قیمت فی الفور کم کی جائے کم از کم 600 گرام روٹی کی قیمت 20 روپے کی جائے تاکہ کوئٹہ میں مقیم مسافروں کو سستی روٹی کی فراہمی ممکن ہوسکے، خصوصاً اس میں طلباء و طالبات کی بڑی تعداد شامل ہیں جو یہاں زیر تعلیم ہیں اور روٹی کی قیمت زیادہ ہونے کی وجہ سے وہ اپنی تعلیم کو آگے جاری نہیں رکھ سکتا ہے۔

بقیہ 43 — علی مدد جتک

مسائل، بنیادی سہولیات کی فراہمی، تعلیم، صحت، سڑکوں کی بہتری، پانی اور دیگر شہری ضروریات سے متعلق آگاہ کیا گیا۔ صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے تمام وفود کی بات نہایت توجہ اور سنجیدگی سے سنی اور انہیں یقین دہانی کرائی کہ سریاب سمیت تمام علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور علاقے کی ہمہ جہت ترقی کے لیے عملی اور مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ حاجی علی مدد جتک نے پارٹی رہنماؤں اور کارکنان پر زور دیا کہ وہ عوام سے اپنے رابطے مضبوط رکھیں اور ان کے مسائل اجاگر کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں تاکہ انہیں بروقت حل کیا جاسکے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سریاب کی ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح و بہبود ان کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 44 — میر سلیم کھوسہ

ہوئے کہا کہ سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے اور قومی وسائل کی چوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ واقعے میں ملوث عناصر کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور فلائی اوور کی سیکیورٹی کو یقینی بنایا جائے۔ ایڈیشنل چیف انجینئر روڈز زون صدر نے موقع پر پہنچ کر کوئٹہ چمن پھاٹک فلائی اوور کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ابتدائی جائزے کے مطابق اسٹرکچر کے بعض حصوں سے اسٹیل نکالنے کی کوشش کی گئی جس سے پل کی مضبوطی متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ متعلقہ انجینئرنگ ٹیم نے نقصان کا تخمینہ لگانے اور مرمتی کام کے لیے رپورٹ تیار کرنا شروع کردی ہے۔ ایگزیکٹو انجینئر نے قریبی تھانے میں نامعلوم افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کرادی ہے اور پولیس سے استدعا کی ہے کہ ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ساتھ ہی یہ مطالبہ بھی کیا گیا ہے کہ فلائی اوور کی حفاظت کے لیے پولیس اہلکاروں کی مستقل ڈیوٹی لگائی جائے تاکہ آئندہ کسی بھی قسم کی تخریب کاری یا چوری کے واقعے کو روکا جاسکے۔

بقیہ 45 — تبادلے

سریاب شاہنواز مینگل کو پولیس لائن، ایس ایچ او کچلاک ثناء اللہ شیرانی کو ایس ایچ او نیو سریاب، ایس آئی او نیو کچلاک جمیل الرحمن کو ایس ایچ او کچلاک، ایس ایچ او کچلاک مجیب الرحمن کو انویسٹی گیشن ونگ کوئٹہ سے پولیس ایس آئی عبدالباقی کو ایس ایچ او نیو کچلاک کوئٹہ، ایس ایچ او بجلی گھر غلام سرور کو پولیس لائن، گوالمنڈی سے نوید اختر کو ایس ایچ او اور شہید جمیل کاکڑ تعینات کردیا گیا۔

بقیہ 46 — مولانا عبدالقادر لونی

کہنے والوں کے صوبائی اسمبلی شراب خانوں پر پابندی کے قرارداد مسلم ارکان اسمبلی کے وزراء ممبران کی جانب سے مسترد کرنا باعث شرم ہے اور اسلامی مملکت کے ایک صوبائی اسمبلی جن کے نوے فیصد ممبران مسلمان ہونے کے باوجود شراب خانوں پر پابندی کے قرارداد کو مسترد کرنا باعث شرم اور عالم اسلام میں اسلام کے نام پر وجود میں آنے ملک کے چومر پر بدنما شرمناک داغ ہے اور پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت جس کا منشور میں بھی واضح لکھا ہے کہ اسلام ہمارا دین ہے نے شراب پر پابندی کی مخالفت کی اور کہا کہ شراب بند نہیں ہونی چاہیے باعث افسوس وحیرت ناک ہے

بقیہ 47 — ایران

کے ساتھ مذاکرات ہوں یا دباؤ بڑھایا جائے۔ عرب میڈیا کے مطابق ایران کے سپریم لیڈر کے مشیر، علی شمخانی نے اسلامی انقلاب کی 47 ویں سالگرہ کے موقع پر کہا ہے کہ ایران کی میزائل صلاحیتیں ناقابل مذاکرات ہیں، ایران صرف جوہری پروگرام پر بات کرنے کو تیار ہے، دفاعی صلاحیتوں پر نہیں۔ ایران کی جانب سے یہ مؤقف عمان میں امریکا اور ایران کے درمیان ہونے والے حالیہ بالواسطہ مذاکرات کے بعد سامنے آیا ہے جن میں کوئی بڑی پیش رفت نہیں ہو سکی۔ واضح رہے کہ امریکا چاہتا ہے کہ مذاکرات میں ایران کے میزائل پروگرام اور خطے میں اس کے اتحادیوں پر بھی بات ہو جبکہ ایران اس مطالبے کو مسترد کر رہا ہے۔

بقیہ 48 — فریقین کا اتفاق

پارٹی کے رہنماء عنایت شاہ، گرینڈ الائنس کے آرگنائزر عبدالقدوس کاکڑ، علی اصغر منگلزئی، این پی کے مرکزی لیبر سیکرٹری داد محمد بلوچ، جی ڈی اے کا نمائندہ آغا زاہد محمد سعید پوریوال، ڈاکٹر محمد اکرم ورگ، حاجی شفا مینگل، عوامی نیشنل پارٹی کے ثناءاللہ کاکڑ، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے غلام علی کے صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب احمد نوشیروانی سے مذاکرات کی گرینڈ الائنس زیر التوا مسائل کے حل کیلئے مثبت پیش رفت اور حکمت عملی طے کی گئی۔ میٹنگ میں طے پایا کہ آئندہ ملاقات وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی اور حکومت کی جانب سے منتخب مجاز کمیٹی آل پارٹیز کانفرنس کے رہنماؤں اور گرینڈ الائنس کے نمائندے ان تمام التوا شدہ امور اور ملازمین کے درپیش مسائل کو حل کرنے کے لیے حتمی شکل دیکر حکمت عملی اور لائحہ عمل مرتب کی جائیگی۔

بقیہ 49

ناروا سلوک کے خلاف 13 فروری کو کوئٹہ شہر میں تحریک تحفظ آئین پاکستان کی جانب سے ہڑتال کی بھرپور تیاری کررہی تھی۔ لیکن مذاکراتی کمیٹی کے انتظامیہ (کمشنر کوئٹہ ڈویژن، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ) کے ساتھ مسلسل نشستوں میں انتظامیہ نے امن وامان کی ابتر صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے مذاکراتی کمیٹی سے احتجاجی مظاہرہ نہ کرنے کی استدعا کی جس پر صلاح ومشورے کے بعد انتظامیہ کو یہ یقین دہانی کرائی گئی کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان 13 فروری کے احتجاجی مظاہرے کو امن وامان کی صورتحال بہتر نہ ہونے اور انتظامیہ کی استدعا پر مؤخر کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ احتجاج کی تیاری کے سلسلے میں ضلع کوئٹہ کے چاروں تحصیلوں (صدر، سٹی، کچلاغ، سریاب)، درجنوں علاقائی یونٹس اور سینکڑوں ابتدائی یونٹس کے ہنگامی اجلاسوں کے انعقاد پر بھرپور تیاری پر کارکنوں کو داد تحسین پیش کرتے ہیں اور بجا طور پر یہ امید رکھتے ہیں کہ وہ اسی طرح جوش وجذبے کے ساتھ ہر حالات میں اپنی قومی سیاسی جمہوری جدوجہد کو دوام دیتے ہوئے استقامت کے ساتھ ہمہ وقت تیار رہینگے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ملک میں آئین کی بالادستی کے لیے اپنے محبوب چیئرمین محمود خان اچکزئی کی قیادت میں اپنا کلیدی کردار ادا کررہی ہے اور سیاسی جمہوری جدوجہد اور اپنے قومی اہداف کے حصول کے لیے ہر کٹھن مرحلے میں کارکنوں نے اپنے منظم تنظیم کے ذریعے اپنی جدوجہد کو آگے بڑھانا ہوگا۔

بقیہ 50 — قونصل جنرل

انقلاب ایرانی قوم کے عزم، خودمختاری اور قومی وقار کی بحالی کی علامت تھا اور یہ محض اقتدار کی تبدیلی نہیں بلکہ غیر ملکی بالادستی کے خاتمے اور جمہوری و قومی حاکمیت کے قیام کی تحریک تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ دہائیوں میں ایران نے پابندیوں اور عالمی دباؤ کے باوجود سائنس وٹیکنالوجی، صحت، صنعت اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں نمایاں پیش رفت کی ہے، جب کہ نالج بیسڈ کمپنیوں اور غیر تیل برآمدات میں اضافہ اقتصادی خود انحصاری کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کو طویل عرصے سے امریکی "دشمنانہ اقدامات" اور پابندیوں کا سامنا ہے۔ دسمبر 2025 کے اواخر میں شروع ہونے والے احتجاجی مظاہروں کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ابتدائی طور پر یہ معاشی مسائل سے جڑے پُرامن مظاہرے تھے، تاہم بیرونی عناصر نے سوشل میڈیا کے ذریعے اشتعال انگیزی کی اور مسلح گروہوں نے سرکاری و نجی املاک، سیکیورٹی اہلکاروں اور شہریوں کو نشانہ بنایا۔ ان کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائی کے بعد صورتحال پر قابو پالیا گیا اور لاکھوں افراد کی ریلیوں نے نظام کی حمایت کا اظہار کیا۔ محمد کریمی تودشکی نے کہا کہ ایران ہمسایہ ممالک کے ساتھ متوازن اور فعال سفارت کاری پر یقین رکھتا ہے اور مذاکرات کے لیے تیار ہے، بشرطیکہ قومی مفادات اور خودمختاری کا احترام کیا جائے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ جوہری امور پر مذاکرات کے متعدد ادوار مکمل ہو چکے تھے تاہم علاقائی کشیدگی کے باعث عمل متاثر ہوا، جبکہ 6 فروری 2026 سے مذاکرات کا نیا دور شروع ہو چکا ہے۔ انہوں نے بلوچستان میں حالیہ دہشت گرد حملوں، خصوصاً کوئٹہ اور اسلام آباد میں مساجد اور امام بارگاہوں کو نشانہ بنانے کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے پاکستان کی حکومت اور عوام سے اظہار یکجہتی کیا اور کہا کہ دہشت گردی دونوں برادر ممالک کا مشترکہ چیلنج ہے، جس سے نمٹنے کے لیے علاقائی تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ تجارت پہلی بار 3 ارب ڈالر سے تجاوز کرگئی ہے اور دونوں ممالک نے اسے سالانہ 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا ہے، اس مقصد کے لیے بینکاری روابط، سرحدی تجارت، نجی شعبے کے تعاون اور مشترکہ تجارتی کمیٹیوں کو فعال بنانا ضروری ہے۔ تقریب کے اختتام پر قونصل جنرل نے ایران اور پاکستان کی دوستی کو خطے کے امن اور خوشحالی کے لیے اہم قرار دیتے ہوئے دونوں ممالک کے عوام کے لیے استحکام اور ترقی کی دعا کی۔

بقیہ 51 — ریکارڈ درج

بھی وقت محکمہ داخلہ یا محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے طلب کیا جاسکتا ہے۔ مزید برآں بغیر شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کے کسی بھی مسافر کو ٹکٹ جاری کرنے سے سختی سے گریز کریں۔ لہٰذا اس بارے میں تمام ٹرانسپورٹرز حضرات کو سختی سے ہدایت کی جاتی ہے کہ مذکورہ بالا ہدایات پر عمل کو یقینی بنائے۔ بصورت دیگر موٹر وہیکل آرڈیننس 1965 اور موٹر وہیکل رول 1969 کے تحت قانونی کارروائی کی جائیگی جس میں روٹ پرمٹ کی معطلی اور کمپنی کی بندش شامل ہیں اور اس حوالے سے کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بقیہ 52 — آغا محمود شاہ

جدون، مولانا محمد سلیمان، میر حفیظ الملک مینگل، حکمت اللہ کاکڑ، حاجی عبدالصادق نورزئی، حاجی اختر محمد شمشوزئی، حافظ عابد اللہ اور دیگر شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا اقتدار ایسے عناصر کے حوالے کردیا گیا ہے جن کا عوام میں کوئی حقیقی اثر ورسوخ نہیں، 8 فروری 2024 کو ملک کی سیاسی تاریخ کے سیاہ ترین دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا کیونکہ اس روز عوامی رائے پر ڈاکہ ڈال کر جمہوری مینڈیٹ کو پامال کیا گیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ ملک میں اس وقت عوامی نمائندوں کی نہیں بلکہ پس پردہ قوتوں کی کٹھ پتلی حکومت مسلط ہے جسے نہ پہلے تسلیم کیا گیا اور نہ آئندہ قبول کیا جائے گا، موجودہ حکمران عوامی اعتماد اور اخلاقی جواز سے محروم ہو چکے ہیں لہٰذا ان کے تمام فیصلے غیر آئینی، غیر قانونی اور عوام دشمن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ جمہوریت کا نام لینے والی جماعتوں نے ہی جمہوریت کے سینے میں خنجر گھونپا، پارلیمنٹ کو ربڑ اسٹیمپ بنا کر اسلامی تشخص کو نقصان پہنچایا جا رہا ہے اور ایسے قوانین منظور کیے جا رہے ہیں جو اسلامی تعلیمات اور ملکی نظریاتی بنیادوں کے منافی ہیں، جمعیت علماء اسلام کی قیادت ان غیر اسلامی اور غیر جمہوری قانون سازیوں کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہوئے ہر فورم پر ان کے خلاف جدوجہد جاری رکھے گی۔ مقررین نے مزید کہا کہ ملک کو درپیش سنگین معاشی، سیاسی اور سماجی بحرانوں کی بنیادی وجہ عوامی مینڈیٹ کی توہین اور نااہل حکمرانوں کا مسلط کیا جانا ہے، مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی اور بدعنوانی نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے جبکہ حکمران طبقہ اقتدار کے نشے میں عوامی مسائل سے مکمل طور پر بے خبر ہے، جمعیت علماء اسلام آئین، جمہوریت اور اسلامی اقدار کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور عوام کے حق حکمرانی پر ڈاکہ ڈالنے والوں کے سامنے کبھی سر نہیں جھکائے گی۔

بقیہ 53 — محمد عبدالقادر

میں اندرونی چیلنجز سے دوچار ہے، پارلیمانی حفاظت، ذمہ داریاں اور جمہوری اقدار کی تجدید پر زور دینا وقت کی ضرورت ہے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ یو این کے اجلاس میں عالمی معاہدوں کو قومی سطح پر لاگو کرنے کے اقدامات پر توجہ مرکوز کی جائے ماحولیاتی تبدیلی، انسانی حقوق، غربت اور عدم مساوات جیسے عالمی مسائل کے حل کے لیے بین الاقوامی تعاون اور شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے پر زور دیا جائے اس کے علاوہ، اجلاس میں اقوام متحدہ کے مالی استحکام اور مستقبل کے لیے اس کی تیاری یعنی "فنانسنگ اینڈ فیوچر پروفنگ" پر بھی تبادلہ خیال ناگزیر ہے تاکہ ادارہ عالمی بحرانوں سے مؤثر طریقے سے نمٹنے کے قابل ہو۔ یو این کے جاری اجلاس میں پاکستان کی ایک اور اہم جہت یہ ہے کہ یہ عالمی رہنماؤں اور پارلیمانی نمائندگان کو مشترکہ لائحہ عمل تیار کرنے اور اپنے قومی فرائض کے تناظر میں بین الاقوامی وعدوں کو حقیقت میں بدلنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اقوام متحدہ کی 80 سالہ تاریخ میں یہ اجلاس ایک ایسے موڑ کی نمائندگی کرتا ہے جہاں اعتماد اور مقصد کو نئے سرے سے قائم کرتے عالمی تعاون کو مستحکم کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 54 — جمال شاہ کاکڑ

روزگار اور معاشی خودمختاری کے لیے متعدد اقدامات کررہی ہے۔ خواتین کے لیے خصوصی اسکالرشپس، ہنر مندی کے پروگرامز، کاروباری معاونت اسکیمیں، تحفظ خواتین کے لیے ہراسمنٹ کے خلاف مؤثر نظام کا قیام حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اور دیگر سماجی تحفظ کی اسکیموں کے ذریعے لاکھوں مستحق خواتین کو مالی معاونت فراہم کی جارہی ہے تاکہ وہ معاشی طور پر خودکفیل بن سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں پہلی خاتون وزیراعلی کی قیادت میں خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے تاریخی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ خواتین کے لیے محفوظ ٹرانسپورٹ، ہنر سکھانے کے مراکز، صحت کارڈ کی سہولت، کاروباری قرضوں کی فراہمی، اور خواتین کے تحفظ کے لیے خصوصی اقدامات اس بات کا ثبوت ہیں کہ مسلم لیگ (ن) خواتین کو قومی دھارے میں باعزت مقام دلانے کے لیے سنجیدہ ہے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ خواتین کے بغیر ترقی کا خواب ادھورا ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ ہم خواتین کو مساوی مواقع فراہم کریں تاکہ وہ ہر شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) خواتین کے حقوق کے تحفظ، ان کی عزت و وقار اور عملی بااختیاری کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 55 — میر ضیاء اللہ لانگو

سلام کی جانب سے میر عبدالقدوس بزنجو کے دورے حکومت سے چلا آرہا ہے اس وقت تو حکومت کے زیادہ تر معاملات اپوزیشن ہی چلا رہی تھی جس میں حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد کامیاب کرانا اور نئے وزیراعلی کے انتخاب شامل ہے دونوں جماعتوں کی مثالی تعلقات رہے ہیں۔

بقیہ 56 — بے چینی سے منتظر

بزرگوں اور بچوں میں یکساں طور پر اس میچ کا انتظار پایا جاتا ہے۔ شہر کی مختلف مارکیٹوں میں قومی پرچم، کھلاڑیوں کی جرسیوں اور بینرز کی خرید و فروخت میں بھی اضافہ دیکھا جارہا ہے۔ شائقین کا کہنا ہے کہ یہ صرف ایک میچ نہیں بلکہ اعصاب کا امتحان اور قومی وقار کا معاملہ ہوتا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں کرکٹ کھیلنے والے نوجوانوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے قومی ٹیم پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے گزشتہ میچز میں جس انداز میں شاندار کارکردگی دکھائی ہے، اس سے امید کی جاسکتی ہے کہ بھارت کے خلاف بھی ٹیم اسی جذبے اور حکمت عملی کے ساتھ میدان میں اترے گی۔ ایک نوجوان کھلاڑی کا کہنا تھا کہ ہمیں اپنے بولرز پر مکمل بھروسہ ہے، خاص طور پر شاہین آفریدی جیسے تجربہ کار فاسٹ بولر کسی بھی وقت میچ کا پانسہ پلٹ سکتے ہیں۔ کوئٹہ کے کرکٹ لورز نے قومی بیٹنگ لائن سے بھی بڑی توقعات وابستہ کررکھی ہیں۔ شائقین کے مطابق بابر اعظم کی موجودگی ٹیم کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ بابر اعظم نہ صرف ایک کلاسیکل بیٹر ہیں بلکہ بڑے میچز میں ذمہ داری کا مظاہرہ بھی کرتے ہیں۔ اسی طرح نوجوان اوپنر صائم ایوب سے بھی جارحانہ اور مثبت آغاز کی امید کی جارہی ہے تاکہ ٹیم ابتدا ہی سے دباؤ بھارت پر منتقل کرسکے۔ شہر کے اسپورٹس حلقوں کا کہنا ہے کہ پاک بھارت مقابلہ ہمیشہ غیر متوقع ہوتا ہے، اس لیے اعصاب پر قابو رکھنا اور فیلڈنگ میں چوکنا رہنا انتہائی ضروری ہوگا۔ ماہرین کے مطابق اگر پاکستانی بولرز ابتدائی اوورز میں وکٹیں حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے

بقیہ 57 — جرمانے کی سزا

302 (b) کے تحت مجرم قرار دیتے ہوئے درج ذیل سزا سنائی گئی: عمر قید (بطور تعزیر): ملزم کو عمر قید کی سزا سنائی گئی۔ خون بہا / معاوضہ: ملزم کو مقتول کے قانونی ورثاء کو 2,00,000 روپے (دو لاکھ روپے) ادا کرنے کا حکم دیا گیا۔ عدم ادائیگی کی صورت میں سزا: مقررہ معاوضہ ادا نہ کرنے کی صورت میں ملزم کو مزید 6 ماہ کی سادہ قید بھگتنا ہوگی۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ استغاثہ کی جانب سے پیش کردہ شواہد جرم ثابت کرنے کے لیے کافی اور قابل اعتماد ہیں۔

بقیہ 58 — فوری گرفتار

فرار عصمت اللہ دیگر ساتھیوں سمیت فرار ہوگیا جس کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ 59 — محسن نقوی

مائننگ، ہنرمند افرادی قوت اور توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری اور شراکت داری کو فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں عالمی تعاون ناگزیر ہے اور اس ضمن میں امریکہ کے ساتھ تعلقات کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مائننگ، ہنرمند افرادی قوت اور توانائی کے شعبوں میں امریکی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ دہشتگردی کے خاتمے اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے پاکستان عالمی شراکت داری پر یقین رکھتا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے مزید کہا کہ امریکی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں محفوظ اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے گا۔ [illegible] وفاقی سیکرٹری داخلہ اور اعلی حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 60 — داؤد شاہ کاکڑ

صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ، نوابزادہ شریف جوگیزئی، کوئٹہ ڈویژن صدر عارف کاکڑ، ڈسٹرکٹ کوئٹہ صدر زین العابدین خلجی، ملک فیصل دہوار، سید عبدالحی آغا، عبدالباری بڑیچ، نواب خان دومڑ، عمران حسین ہزارہ [illegible] نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ [illegible]

بقیہ 61 — ملزمان فرار

[illegible]

بقیہ 62 — بخت محمد کاکڑ

[illegible]

بقیہ 63 — چیف سیکرٹری

[illegible]

بقیہ 64 — عبدالمجید بادینی

[illegible]

بقیہ 65 — مولانا ہدایت الرحمن

[illegible]

بقیہ 66 — سات افراد گرفتار

[illegible]

ٹیکس دہندگان کے مسائل کا خاتمہ اولین ترجیح ہے، وفاقی ٹیکس محتسب

کرپشن، رشوت، اقربا پروری، غفلت یا نااہلی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، تاجروں کو درپیش مشکلات کا ازالہ کرینگے

ڈیرہ مراد جمالی: شوہر کے ہاتھوں چار بچوں کی ماں قتل، ملزم فرار

جاملشورو میں خاتون کیساتھ اجتماعی زیادتی اور قتل انسانیت سوز ہے، پی کے نیپ

اغوا کے بعد ورثا نے اطلاع دی مگر انتظامیہ اور پولیس نے کارروائی نہیں کی اور سانحہ ہوا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں صوبہ سندھ ضلع جامشورو میں پشتون بے گناہ خاتون بی بی صابرہ کے ساتھ اجتماعی زیادتی کے بعد ان کے بہیمانہ قتل کے اندوہناک اور انسانیت سوز واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ ایک حاملہ خاتون اور چار بچوں کی ماں کو درندگی کا نشانہ بنانا نہ صرف انسانیت کے خلاف سنگین جرم ہے بلکہ ہماری سماجی و اخلاقی اقدار پر کھلا حملہ بھی ہے۔ اس افسوسناک .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

دیگر صوبوں سے بلوچستان آٹا لانے کی پابندی ختم کرائی جائے

روٹی کا وزن 600 گرام اور قیمت 20 روپے مقرر کی جائے، شہریوں کا مطالبہ

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ میں آٹے کی قیمتیں آسمانوں سے باتیں کرنے کے بعد معمولی کمی، آٹا ڈیلرز مالکان نے وجہ پنجاب حکومت کی جانب سے بلوچستان پر آٹے کی سپلائی پابندی بتادیا ہے، اسلسلے میں شہریوں نے بھی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سمیت کابینہ اراکین نے سے درخواست کرتے ہوئے بتایا ہے کہ پنجاب حکومت کے ساتھ بیٹھ کر آٹے کے اوپر عائد پابندی کو ختم کی جاسکتی ہے اور اسمبلی فلور پر بھی آٹے کے بحران کے متعلق اراکین اسمبلی سیاسی جماعتوں کے سربراہوں سے اپیل ہے، واضح رہے کہ کوئٹہ میں آٹے کے مسلسل بحران 2022 کے بارشوں کے بعد سیلابی پانی اور پلاری بندش کے بعد پیش آیا 4 سال بعد بھی یہ بحران ختم نہیں ہوئی، مشرق سروے ٹیم نے کوئٹہ شہر کے مختلف دکانداروں خصوصاً آٹا ڈیلرز مالکان سے قیمتیں معلوم کی......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی شہید پولیس اہلکار اشرف کے لواحقین سے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ: گھر میں گیس لیک کے باعث دھماکہ، خاتون سمیت 6 بچے زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے خروٹ آباد میں گھر میں گیس لیک ہونے کے باعث دھماکے کے نتیجے میں خاتون سمیت 6 بچے زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے خروٹ آباد میں گھر میں گیس لیکیج کے باعث دھماکے کے نتیجے میں ایک خاتون اور 6 بچے زخمی ہوگئے دھماکے سے گھر کو نقصان پہنچا زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

قلعہ عبداللہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص قتل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قلعہ عبداللہ کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز قلعہ عبداللہ کے علاقے میں نامعلوم افراد نے دکان پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں سعد اللہ ہلاک ہوگیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

نیٹ میٹرنگ کا خاتمہ حکومت کی ایک اور غلط پالیسی، مفتاح اسماعیل

کراچی (بیورو رپورٹ) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے سولر صارفین کے لیے نیٹ میٹرنگ سے متعلق نئی جنگ پالیسی پر شدید تنقید کرتے ہوئے اسے صارفین کے ساتھ ناانصافی قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ حکومت 40 روپے فی یونٹ بجلی بیچ کر صارفین سے زائد بجلی صرف 8 سے 11 روپے میں خرید رہی ہے، جس پر مزید ٹیکس بھی لگایا جارہا ہے۔

عوامی اعتماد پر پورا اترنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائینگے، علی مدد جتک

پارٹی رہنما اور کارکنان عوام سے رابطے مضبوط رکھیں اور انکے مسائل اجاگر کرنے میں کردار ادا کریں تاکہ انہیں بروقت حل کیا جاسکے

سریاب کی ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیح ہے، سریاب سے تعلق رکھنے والے پارٹی کارکنان سے ملاقات پر گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سے ان کی رہائش گاہ پر سریاب سے تعلق رکھنے والے پارٹی رہنماؤں، کارکنان اور زندگی کے مختلف شعبوں سے وابستہ افراد نے ملاقات کی۔ ملاقات کرنے والوں میں معززین علاقہ، سماجی شخصیات اور پارٹی کے مقامی عہدیداران بھی شامل تھے۔ ملاقات کے دوران سریاب اور گردونواح کو درپیش عوامی و علاقائی مسائل، جاری ترقیاتی منصوبوں، بلدیاتی امور اور پارٹی کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفود نے صوبائی وزیر کو اپنے علاقوں کے .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی جی پی آر عسکر خان ڈائریکٹوریٹ کے مختلف سیکشنز کا معائنہ کر رہے ہیں

سرکاری املاک کو نقصان پہنچانا اور قومی وسائل کی چوری ناقابل قبول ہے، سلیم کھوسہ

کوئلہ پھاٹک فلائی اوور کے اسٹرکچر کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف فوری طور پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے

فلائی اوور کی حفاظت کیلئے پولیس اہلکاروں کی مستقل ڈیوٹی لگائی جائے تاکہ آئندہ کسی تخریب کاری یا چوری کے واقعے کو روکا جاسکے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ایک ویڈیو کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کو فوری اور موثر کارروائی کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ ویڈیو میں کچھ نامعلوم افراد کوئلہ پھاٹک فلائی اوور کے اسٹرکچر کو نقصان پہنچاتے اور اس میں استعمال ہونے والی اسٹیل چوری کرتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں، جس کے باعث فلائی اوور کی ساخت کو شدید نقصان پہنچنے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر نے واقعے کو انتہائی تشویشناک قرار دیتے......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: متعدد تھانوں کے ایس ایچ اوکے تبادلے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس کے متعدد تھانوں کے ایس ایچ او کے تبادلے کردیے گئے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ایس ایچ او شہید عبدالخالق انسپکٹر نصیر احمد کو شہید فیاض سنبل پولیس لائن کوئٹہ، شہید فیاض سنبل پولیس لائن سے سب انسپکٹر ابراہیم زرکون کو ایس ایچ او شہید عبدالخالق، ایس ایچ او شہید منظور ترین، نوراللہ کو شہید فیاض سنبل پولیس لائن، ایس آئی او سٹی آفتاب علی کو ایس ایچ او شہید منظور ترین، ایس ایچ او تھانہ نیو ..... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سول سیکرٹریٹ میں پودا لگا رہے ہیں

شراب ام الخبائث، تمام برائیوں کی جڑ ہے، مولانا عبدالقادر لونی

سندھ اسمبلی میں اقلیتی رکن کے شراب خانوں پر پابندی کی قرارداد کا مسلمان ارکان کی جانب سے مسترد کیا جانا شرمناک ہے، مفتی شفیع الدین

پیپلز پارٹی کی اکثریت والی سندھ اسمبلی کے ارکان کا شراب پر پابندی کی مخالفت باعث افسوس و قابل مذمت ہے، سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے سندھ اسمبلی میں اقلیتی رکن کے صوبے میں شراب خانوں پر پابندی کی قرارداد پیش کرنے اور مسلمان ارکان اسمبلی کی جانب سے اکثریت رائے سے قرارداد مسترد کرنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ شراب ام الخبائث تمام خباثتوں برائیوں کی جڑ و ماں ہے اور پاکستان جیسے ملک میں جو اسلام کے نام پر وجود میں آیا اور سندھ جیسے صوفیاء کی سرزمین......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

زائد وصول کی گئی فیس واپس یا اگلے سال ایڈجسٹ کی جائے گی، پی ایم اینڈ ڈی سی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) نے ملک بھر کے میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں فیس کی حد مقرر کرنے کی پالیسی پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ یہ بات ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں کہی گئی، جس کی صدارت پی ایم ڈی سی کے صدر پروفیسر ڈاکٹر رضوان تاج نے کی، جبکہ کونسل کے رجسٹرار ڈاکٹر ریحان احمد نقوی بھی اجلاس میں موجود تھے۔

بروری پولیس کا فحاشی کے اڈے پر چھاپہ، سات افراد گرفتار

اہل علاقہ نے چند روز قبل فحاشی کے اڈے کے خلاف دھرنا دیا تھا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بروری پولیس کا اے ون سٹی سلطان آباد میں فحاشی کے اڈے پر چھاپہ، تین خواتین سمیت سات افراد گرفتار کرلئے اہل علاقہ نے چند روز قبل فحاشی کے اڈے کے خلاف دھرنا دیا تھا تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد آصف خان کی ہدایت پر ایس ڈی پی او صدر سرکل شوکت جدون نے ایس ایچ او بروری تھانہ محمود خروٹی اور دیگر عملے کے ہمراہ گزشتہ شب اے ون سٹی سلطان آباد میں واقع ایک فحاشی کے اڈے پر چھاپہ مارا وہاں موجود تاہم تین خواتین اور تین مردوں کو گرفتار کرلیا پولیس نے بتایا کہ دوران کارروائی گھر سے ممنوعہ اشیاء بھی برآمد ہوئی گرفتار افراد گھر میں بدکاری کی غرض سے جمع تھے، پولیس نے مقدمہ درج کرکے مزید تحقیقات شروع کردی ہے۔ واضح رہے کہ چند روز قبل اے ون سٹی کے رہائشیوں نے......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

اپنے بیلسٹک میزائل پروگرام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے، ایران

ایران امریکا بالواسطہ جوہری مذاکرات کے اگلے دور کی تاریخ کیلئے مشاورت جاری ہے، گزشتہ مذاکرات مثبت رہے، علی لاریجانی

میزائل صلاحیتیں ناقابل مذاکرات ہیں، ایران صرف جوہری پروگرام پر بات کرنے کو تیار ہے، دفاعی صلاحیتوں پر نہیں، علی شمخانی

تہران (م ڈ) ایران کی سپریم نیشنل سیکورٹی کونسل کے سیکرٹری علی لاریجانی نے کہا ہے کہ ایران امریکا بالواسطہ جوہری مذاکرات کے اگلے دور کی تاریخ کیلئے مشاورت جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کے ساتھ مذاکرات کسی حد تک مثبت رہے ہیں، بظاہر امریکا کسی معاہدے تک پہنچنے کے لیے آمادہ دکھائی دیتا ہے۔ علی لاریجانی نے کہا کہ موجودہ صورتحال کی بنیاد پر حتمی رائے قائم نہیں کی جا سکتی۔ آئندہ مراحل پر گہری نظر رکھنا ضروری ہے۔ ایران نے واضح کیا ہے کہ وہ اپنے بیلسٹک میزائل پروگرام پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا، چاہے امریکا .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے پیپلز پارٹی کا وفد ملاقات کررہا ہے

گرینڈ الائنس کے مسائل کے حل پر فریقین کا اتفاق

ملازمین کے نمائندوں اور ثالثین کی صوبائی وزیر خزانہ سے ملاقات حکمت عملی پر اتفاق

گرینڈ الائنس زیر التوا مسائل کے حل کیلئے مثبت پیش رفت اور حکمت عملی طے کی گئی

کوئٹہ (آن لائن) آل پارٹیز اور گرینڈ الائنس پر مشتمل وفد عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ، عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما ایم پی اے انجینئر زمرک خان اچکزئی، پشتون خوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما، سردار رشید ناصر، بی ٹی آئی کے رہنما سلام آغا، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے رہنما عصمت یاری، نیشنل ڈیموکریٹک .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

انتظامیہ کی درخواست پر احتجاج موخر کیا، مطالبات سے دستبردار نہیں ہوئے، عبدالقہار ودان

ان پر تشدد اور انتظامیہ کے ناروا سلوک کیخلاف بھرپور احتجاج کی تیاری مکمل تھی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی سینئر نائب صدر سید شراف آغا، صوبائی نائب صدر مجید خان اچکزئی اور صوبائی ایگزیکٹیوز کے دیگر اراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں 8 فروری کے کامیاب پر امن ہڑتال کے دوران سیاسی جمہوری کارکنوں کی گرفتاریوں، بدترین تشدد، کوئٹہ، چمن، پشین، ہرنائی، قلعہ سیف اللہ و دیگر اضلاع میں سیاسی جمہوری رہنماؤں و کارکنوں پر بے بنیاد ایف آئی آرز، انتظامیہ کے .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ایران خطے میں امن، استحکام اور خودمختاری کے اصولوں پر قائم ہے، قونصل جنرل

ایران دہشت گردی اور بیرونی مداخلت کو مسترد کرتا ہے، اپنی داخلی سلامتی پر مکمل کنٹرول ہے، کسی بھی جارحیت کا "قاطع اور بھرپور جواب" دے گا

اسلامی جمہوریہ ایران پاکستان کے ساتھ تعلقات کو 10 ارب ڈالر سالانہ تجارت تک لے جانے کے لیے پُرعزم ہے، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایران کے قونصل جنرل محمد کریمی تودشکی نے کہا ہے کہ اسلامی جمہوریہ ایران خطے میں امن، استحکام اور خودمختاری کے اصولوں پر قائم ہے، دہشت گردی اور بیرونی مداخلت کو مسترد کرتا ہے اور پاکستان کے ساتھ تعلقات کو 10 ارب ڈالر سالانہ تجارت تک لے جانے کے لیے پُرعزم ہے۔ ایران اپنی داخلی سلامتی پر مکمل کنٹرول رکھتا ہے اور کسی بھی جارحیت کا "قاطع اور بھرپور جواب" دے گا۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں ایرانی انقلاب اسلامی کی 47ویں سالگرہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ قونصل جنرل نے کہا کہ 1979 کا .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

تمام ٹرانسپورٹرز مسافروں کا ریکارڈ درج کریں، حکام

یہ ریکارڈ کسی بھی وقت محکمہ داخلہ یا محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے طلب کیا جاسکتا ہے

خلاف ورزی کی صورت میں موٹر وہیکل آرڈیننس اور رول کے تحت قانونی کارروائی ہوگی

کوئٹہ (خ ن) محکمہ صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان کے ایک سرکلر کے مطابق تمام ٹرانسپورٹرز (بین الصوبائی اور اندرون صوبہ روٹس) کو اطلاع دی جاتی ہے کہ حکومت بلوچستان وزارت داخلہ اور محکمہ ٹرانسپورٹ کی ہدایات کی روشنی میں تمام ٹرانسپورٹرز جو کہ اندرون صوبہ اور بین الصوبائی روٹس پر اپنی پبلک سروس گاڑیاں جیسا کہ منی بسیں، بسیں کوسٹرز اور کوچز وغیرہ چلاتے ہیں ان کو مطلع کیا جاتا ہے، اس امر کو یقینی بنائیں کہ تمام مسافروں کے موبائل فون نمبرز اور قومی شناختی کارڈ نمبرز باقاعدہ طور پر اپنے ریکارڈ میں درج کریں۔ یہ ریکارڈ کسی......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

ملکی اقتدار غیر حقیقی نمائندوں کے حوالے کیا گیا، آغا محمود شاہ

8 فروری 2024 کو عوامی رائے پر ڈاکہ ڈال کر جمہوری مینڈیٹ کو پامال کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام 8 فروری 2024 کی بدترین دھاندلی کے خلاف منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے پر مسلط فارم 47 کی حکومت تمام مسائل کی پیداوار ہے۔ ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق نے کہا کہ ہماری نشستوں پر غاصبانہ قبضہ کرنے والے دن بدن رسوا ہوتے جارہے ہیں۔ مقررین میں مجلس فقہی پاکستان کے سربراہ مولانا مفتی محمد روزی خان، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، مولانا نظر محمد حقانی، ملک خلیل الرحمن ایڈووکیٹ، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب ایوبی، حافظ مسعود احمد، مولانا محمد شعیب .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

اقوام متحدہ کے 80ویں اجلاس کی خصوصی اہمیت ہے، محمد عبدالقادر

اقوام متحدہ کے قیام کے مقصد کی تجدید وقت کی ضرورت ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے نیویارک میں منعقدہ اقوام متحدہ کے اجلاس میں شرکت کے موقع پر کہا ہے کہ نیویارک میں جاری اقوام متحدہ کے 80ویں اجلاس کی عالمی سطح پر خصوصی اہمیت ہے۔ اقوام میں باہمی تعاون اور شراکت کے ذریعے اعتماد اور اقوام متحدہ کے قیام کے مقصد کی تجدید وقت کی ضرورت ہے اجلاس کا انعقاد اس بات کی علامت ہے کہ عالمی برادری نے اپنے وعدوں کو صرف کاغذی نہیں بلکہ عملی شکل دینے کی ضرورت محسوس کی ہے۔ موجودہ عالمی حالات میں، جہاں جمہوریت مختلف ممالک .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم لیگ خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہمیشہ سے کوشاں ہے، جمال شاہ کاکڑ

اسلام نے خواتین کو جو حقوق عطا کیے، آج دنیا بھر ان کی اہمیت کو تسلیم کرتی ہے

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستانی خواتین ملکی ترقی، خوشحالی اور استحکام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں۔ اسلام نے خواتین کو جو حقوق عطا کیے، آج کی مہذب دنیا بھی ان کی اہمیت کو تسلیم کرتی ہے اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت ہمیشہ خواتین کے حقوق کے تحفظ اور انہیں بااختیار بنانے کے لیے عملی اقدامات کرتی رہی ہے۔ خواتین کے قومی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ وفاقی حکومت خواتین کی تعلیم، صحت......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

اپوزیشن اور حکومت کے مثالی تعلقات کا سلسلہ کافی پہلے سے چلا آرہا ہے

ماضی میں بھی حکومت اور اپوزیشن کے تعلقات مثالی رہے ہیں، میر ضیا اللہ لانگو

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ترجمان و سابق وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے بی این پی کے رہنما ساجد ترین کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اپوزیشن اور حکومت کا مثالی تعلقات کا سلسلہ آج سے نہیں بلکہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کے دور سے چلا آرہا ہے ماضی میں بھی حکومت اور اپوزیشن کے تعلقات مثالی رہے ہیں اب بھی مثالی ہیں اپنے جاری کردہ بیان میں میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ اپوزیشن اور حکومت کے درمیان دوستانہ تعلقات صرف آج کی مثال نہیں بلکہ یہ سلسلہ بی این پی اور جمعیت علماء......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

شائقین کرکٹ پاک۔بھارت ٹاکرے کے بے چینی سے منتظر

یہ صرف ایک میچ نہیں بلکہ اعصاب کا امتحان اور قومی وقار کا معاملہ ہوتا ہے، شائقین

دیگر شہروں کی طرح کوئٹہ میں بھی شائقین کرکٹ میں غیر معمولی جوش و خروش دیکھنے میں آرہا ہے

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) 15 فروری کو ہونے والا روایتی حریفوں پاکستان اور بھارت کے درمیان بڑا ٹاکرا نہ صرف دونوں ممالک بلکہ دنیا بھر میں بسنے والے کرکٹ شائقین کی توجہ کا مرکز بن چکا ہے۔ اس ہائی وولٹیج مقابلے سے قبل ملک کے دیگر شہروں کی طرح کوئٹہ میں بھی شائقین کرکٹ میں غیر معمولی جوش و خروش دیکھنے میں آرہا ہے۔ گلی محلوں سے لے کر چائے خانوں، اسپورٹس کلبز اور بڑی اسکرینوں تک ہر جگہ صرف ایک ہی موضوع زیر بحث ہے۔ پاک بھارت میچ۔ کرکٹ کو برصغیر میں مذہب کی سی حیثیت حاصل ہے اور جب مقابلہ پاکستان اور بھارت کے درمیان ہو تو جذبات اپنی انتہا کو چھونے لگتے ہیں۔ کوئٹہ کے نوجوانوں،......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

دکی: والد کو قتل کرنے کے جرم میں بیٹے کو عمر قید اور جرمانے کی سزا

مقررہ معاوضہ ادا نہ کرنے کی صورت میں مزید 6 ماہ کی سادہ قید بھگتنا ہوگی

دکی (آن لائن) ایڈیشنل سیشن جج دکی کی عدالت نے قتل کے ایک اہم مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے اپنے والد کو قتل کرنے کے جرم میں ملوث ملزم کو عمر قید اور جرمانے کی سزا سنا دی۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل سیشن جج دکی کی عدالت میں سیشن کیس نمبر 2025/11 (ایف آئی آر نمبر 2025/15، تھانہ لیویز صدر دکی) کی سماعت ہوئی، جو تعزیرات پاکستان کی دفعہ 302 کے تحت درج کیا گیا تھا۔ عدالت نے مقدمے کی مکمل سماعت، گواہوں کے بیانات اور پیش کردہ ثبوت و شواہد کا جائزہ لینے کے بعد ملزم محمد اکبر ولد فضل محمد، سکنہ خالا شار، ضلع دکی کو دفعہ......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن تشکیل

کمیشن خواتین سے متعلقہ قوانین پر عملدرآمد کی نگرانی، پالیسی سازی میں معاونت کرے گا

کوئٹہ (خ ن) محکمہ ترقی نسواں حکومت بلوچستان نے بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن ایکٹ 2017 کے تحت صوبائی کمیشن تشکیل دیدی گئی ہے۔ اعلامیہ کے مطابق کرن بلوچ کو چیئرپرسن مقرر کیا گیا ہے جبکہ دیگر اراکین میں سعیدہ بلوچ، ڈاکٹر نجمہ غفار، نینا کمیش، ڈاکٹر شاہ بی بی، ڈاکٹر رخشندہ اسحاق، مشتاق احمد، شکیل روشن اور سکینہ عبداللہ شامل ہیں۔ محکمہ ترقی نسواں کے مطابق کمیشن خواتین سے متعلقہ قوانین پر عملدرآمد کی نگرانی، پالیسی سازی میں معاونت اور متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنائے گا۔

کوئٹہ: سٹی نالے میں آپریشن نشئی سے دستی بم برآمد، فوری گرفتار

آپریشن میں گرفتار کئے گئے 26 نشئی افراد کو بحالی سنٹر منتقل کر دیا گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ پولیس کا سٹی نالے میں آپریشن نشے کے عادی شخص سے دستی بم برآمد ہونے پر گرفتار کرلیا جبکہ 26 افراد کو حراست میں لے کر بحالی سنٹر منتقل کردیا آپریشن کے دوران بدنام زمانہ منشیات فروش فرار ہوگیا ٹھکانے مسمار کردیے گئے پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد آصف خان کو خفیہ اطلاع ملی تھی بدنام زمانہ منشیات فروش عصمت اللہ سٹی نالے میں موجود ہے جس پر ایس ڈی پی او سٹی سرکل انور علی کی سربراہی میں ایس ایچ او سول لائن جواد علی، ایس ایچ او سٹی صفیان، ایس ایچ او قائد آباد پر مشتمل ٹیم تشکیل دی جس نے بھاری نفری کے ہمراہ گزشتہ روز سٹی نالے میں آپریشن کیا اسی دوران پولیس اور منشیات کے عادی افراد کے درمیان آنکھ مچولی ہوتی رہی تاہم پولیس نے آپریشن کے دوران ایک نشے کے عادی محمد وقاص ولد لیاقت علی سے دستی بم برآمد ہونے پر جبکہ 26 عادی افراد کو حراست میں لے کر ٹھکانوں کو مسمار کر دیا پولیس نے بتایا کہ منشیات......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں عالمی تعاون ناگزیر ہے، محسن نقوی

مائننگ، منرلز اور توانائی کے شعبوں میں امریکی سرمایہ کاری کا خیرمقدم کرتے ہیں، محفوظ ترین ماحول فراہم کیا جائیگا

سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے پاکستان عالمی شراکت داری پر یقین رکھتا ہے، امریکی محکمہ خارجہ کے معاون سے ملاقات

.... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

تربت: ایف سی کی کارروائی، 375 کلو گرام چرس برآمد

.... بقیہ 187.5 .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر داخلہ محسن نقوی سے بحرین کے نئے منصب کا ٹیلیفونک رابطہ

... الخلیفہ نے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے جس میں انہوں نے اسلام آباد کی مسجد میں ہونے والے خودکش دھماکہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی۔

عمران خان کو آنکھ کے علاج کیلئے ہسپتال منتقل کیا جائے، داؤد شاہ کاکڑ

بیرسٹر صفدر کی رپورٹ کے مطابق قائد کی زندگی کو شدید خطرات لاحق ہیں، عارف کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) عمران خان کی آنکھ کو جان بوجھ خراب کیا اور خراب کیا جارہا ہے عمران خان کی ایک آنکھ کی بینائی متاثر ہونے پر پوری قوم صدمے میں ہے عمران خان کو آنکھ کے بہتر علاج ایمرجنسی بنیادوں پر ہسپتال منتقل کیا جائے بیرسٹر صفدر کی سپریم کورٹ میں جمع شدہ رپورٹ کے مطابق عمران خان کی زندگی کو شدید خطرات لاحق ہے اگر عمران خان کو فوری طور پر ہسپتال منتقل نہیں کیا گیا تو پوری قوم سڑکوں پر ہوگی پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

نصیرآباد: ساٹھ کلو سے زائد چرس برآمد، ملزمان فرار

محکمہ ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس کی جانب سے مقدمہ درج، تفتیش شروع

نصیرآباد (نامہ نگار) ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس نصیرآباد نے منشیات فروشوں کے خلاف بڑی اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بلوچستان سے سندھ منشیات اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا کر دو کرولا گاڑیوں کے خفیہ خانوں سے تقریباً ساٹھ کلو سے زائد اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کر لی گئی جس کی عالمی منڈی میں قیمت کروڑوں کی بتائی گئی ہے ملزمان فرار ہوگئے مقدمہ درج کرلیا جبکہ مزید تفتیش کا عمل شروع کر دیا گیا ہے یہ کارروائی صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی، سیکرٹری ایکسائز سید ظفر علی شاہ بخاری اور ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ نارکوٹکس محمد زمان خان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں عمل میں لائی گئی یہ بات ای ٹی او نصیرآباد فہیم جان پٹھان نے انسپکٹر علی نواز لہڑی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر نور محمد دمڑ لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، ریاستی ملکیتی اداروں کی نجکاری میں پیشرفت کا جائزہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت ریاستی ملکیت کے اداروں کی نجکاری میں پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے ایک اجلاس جمعرات کو یہاں منعقد ہوا۔ نائب وزیراعظم کے آفس سے جاری بیان کے مطابق اجلاس کے دوران کمیٹی نے جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور شفاف، مسابقتی اور موثر نجکاری عمل کو یقینی بنانے کیلئے آئندہ کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم نے منصفانہ مارکیٹ ویلیوایشن کی اہمیت پر زور دیا جو اثاثوں کے ساتھ ساتھ مستقبل کی کاروباری صلاحیت کی درست عکاسی کرے۔

ضلع کاریزات کے عوام کا دیرینہ مسئلہ جلد حل کرینگے، بخت محمد کاکڑ

حکومتی کمیٹی اراکین کی یقین دہانی پر کاریزات کمیٹی کی جانب سے غیر معینہ مدت تک پہیہ جام ہڑتال ختم کرنے کا اعلان

وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر کاریزات کمیٹی اراکین سے منگل کے دن ملاقات کرکے ان کے مسائل حل کریں گے، زمرک اچکزئی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ سرمایہ کاری بورڈ کے چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ضلع کاریزات کے عوام کا دیرینہ مطالبہ جلد حل کردیا جائے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی ہے کہ پہیہ جام ہڑتال ختم کر کے کاریزات بوستان کمیٹی اراکین سے منگل کے دن ملاقات کرکے ان کے جو بھی جائز مطالبات ہیں ان کو حل کریں گے نئے اضلاع کے قیام کے حوالے سے سنجیدہ ہیں حکومتی کمیٹی اراکین کی یقین دہانی پر خانوزئی کے مقام پر کاریزات کمیٹی کی جانب .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی سے آل پارٹیز اور گرینڈ الائنس کے نمائندے مذاکرات کررہے ہیں

جنگلات اور ماحولیات کے تحفظ میں سنجیدہ عوامی شراکت ناگزیر ہے، چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے ماحولیاتی تحفظ اور آلودگی کے خاتمے کے سلسلے میں درخت لگا کر موسم بہار شجر کاری مہم کا باقاعدہ آغاز کیا

یہ اقدام صوبے بھر میں سبزہ زاروں کی توسیع اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کی وسیع حکمت عملی کا حصہ ہے، اس سلسلے کو ہمہ شمول بنایا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے جمعرات کے روز ماحولیاتی تحفظ، آلودگی کے خاتمے اور عوام کو صحت مند ماحول کی فراہمی کے سلسلے میں موسم بہار شجر کاری مہم کا باقاعدہ آغاز درخت لگا کر کیا۔ یہ اقدام صوبے بھر میں سبزہ زاروں کی توسیع اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کی وسیع حکمت عملی کا حصہ ہے، جس میں حکومتی عہدیداروں، عوام اور نوجوانوں کی بھرپور شرکت کو یقینی بنایا جائے گا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ جنگلات اور ماحولیات کا تحفظ صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ عوام کو بھی......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

دہشت گردوں کی وکالت کرنیوالے افغانستان چلا جائیں، طاہر اشرفی

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین علامہ حافظ طاہر اشرفی نے کہا ہے کہ جن کو دہشت گردوں کی وکالت کا شوق ہے وہ افغانستان چلا جائیں۔ امن اتحاد اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ طاہر اشرفی نے کہا کہ پاکستان کے 18 ہزار علماء نے پیغام پاکستان پر دستخط کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت مٹی کی شکست کا بدلہ معصوموں کا خون بہا کر لے رہا ہے۔

ڈیرہ اللہ یار کا سب سے بڑا مسئلہ سیوریج ہے

نمائشی ترقی نہیں ہوگی پہلے نکاسی آب پھر سڑکیں تعمیر ہوں گی، عبدالمجید بادینی

کوئٹہ (آن لائن) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی انجینئر عبدالمجید بادینی نے کہا کہ ڈیرہ اللہ یار کا سب سے بڑا مسئلہ سیوریج ہے نمائشی ترقی نہیں ہوگی پہلے نکاسی آب پھر سڑکیں تعمیر ہوں گی تاکہ بہترین دیرپا، معیاری ترقیاتی کام ہوجائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نے ڈیرہ اللہ یار میں کھلی کچہری سے خطاب وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ ڈیرہ اللہ یار شہر کا سب سے بڑا اور سنگین مسئلہ سیوریج کا ناقص نظام ہے سیوریج کی بحالی کے آئے روز روڈ کاٹ اور سڑکیں بنا کر عوام کے پیسے ضائع کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ بکن بابا کالونی میں آمد کے موقع پر .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: انقلاب ایران کی 47ویں سالگرہ کی تقریب سے قونصل جنرل محمد کریم، عبدالولی کاکڑ، زاہد علی ریکی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کو حقوق اور امن دینے کیلئے طاقتور طبقات کو سنجیدگی دکھانی ہوگی، مولانا ہدایت الرحمن

یہاں کے نوجوانوں کو بے روزگار، تعلیم سے محروم کرنے اور تاجروں پر تجارت و کاروبار کے دروازے بند کرنے کی وجہ سے بھی حالات خراب ہیں

عوام کی خدمت ہماری اولین ترجیح ہے اور عوامی مسائل کے حل میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، صوبائی امیر جے آئی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کو حقوق اور امن دینے کیلئے اسلام آباد کے طاقتور طبقات کو سنجیدگی دکھانی ہوگی بلوچستان کے نوجوانوں کو بے روزگار، بے تعلیم کرنے اور تاجروں پر تجارت وکاروبار کے دروازے بند کرنے کی وجہ سے بھی حالات خراب ہیں۔ ہماری فورسز محفوظ نہیتے عوام بدحال پریشان اور بدامنی کے شکار ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا قبل ازیں امیر جماعت اسلامی، ایم پی اے گوادر کی ہدایت پر گوادر میں......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

نوابزادہ شازین بگٹی جے ڈبلیو پی کے صدر منتخب

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے انتخابات مکمل ہوگئے۔ مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری اعلامیہ کے مطابق جمہوری وطن پارٹی (JWP) کی مرکزی کابینہ کے انتخابات 7 فروری 2026 کو پارٹی سیکرٹریٹ فاطمہ جناح روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوئے، جن میں تمام امیدوار بلا مقابلہ منتخب قرار پائے۔ منتخب ہونے والے عہدیداران نوابزادہ شازین بگٹی صدر، ملک غلام رسول نائب صدر، نور اللہ وطن دوست نائب صدر، سید نیاز محمد نائب صدر، شفقت اللہ خان نائب صدر، ریاض محی الدین نائب صدر، محمد ابراہیم سیکرٹری جنرل، غلام رسول ڈپٹی سیکرٹری جنرل، محمد جواد سیکرٹری اطلاعات، آصف مسیح سیکرٹری فنانس، امان اللہ خان سیکرٹری فیسیلیٹی اینڈ اسٹوڈنٹ افیئرز، ثناء اللہ سیکرٹری لیبر تمام عہدیداران بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔

عوام الناس کیلئے اہم اعلان

بلوچستان فوڈ اتھارٹی فوڈ ٹیسٹنگ سروسز

کیا آپ اپنی روزمرہ استعمال ہونے والی اشیاء خوردونوش کی خالصیت اور معیار کے بارے میں یقین دہانی چاہتے ہیں؟

بلوچستان فوڈ اتھارٹی عوام، تاجروں، دکانداروں، ہوٹل مالکان، کیٹررز اور فوڈ بزنس آپریٹرز کے لیے جدید لیبارٹری میں فوڈ ٹیسٹنگ سہولت فراہم کر رہی ہے۔ درج ذیل اشیاء کی لیبارٹری جانچ دستیاب ہے: دودھ اور دودھ سے بنی اشیاء، کوکنگ آئل اور گھی، مشروبات (بیوریجز)، کنفیکشنری آئٹمز (مٹھائیاں، بیکری آئٹمز، چاکلیٹس وغیرہ) ٹیسٹنگ فیس: ہر فوڈ آئٹم کی جانچ مقررہ سرکاری فیس کے مطابق کی جاتی ہے۔ فیس کی تفصیلات اور نمونہ جمع کرانے کے طریقہ کار کے لیے بلوچستان فوڈ اتھارٹی سے رابطہ کریں۔ اپنی اور اپنے پیاروں کی صحت کا خیال رکھیں۔

محفوظ خوراک — صحت مند زندگی

ڈائریکٹر ٹیکنیکل بلوچستان فوڈ اتھارٹی

AB No.840/12-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan